★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | بدھ 23 ذیقعد 1446ھ، 21 مئی 2025ء، 8 جیٹھ 2082 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 192

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

پاکستان کی غزہ میں اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت، جنگ بندی کا مطالبہ

اسرائیلی بمباری سے درجنوں فلسطینی شہید ہوئے، اسپتالوں اور بنیادی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، اسرائیلی اقدامات انسانی اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

فلسطینیوں کو امداد کی فراہمی کیلئے عالمی اقدامات ضروری ہیں، اسرائیل کو سزا دلوانے کے لیے بھی عالمی اقدامات ضروری ہیں، پاکستان فلسطینیوں کی جبری بیدخلی، ناجائز آبادکاری اور قبضے کو مسترد کرتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے غزہ میں اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے فلسطینیوں کی نسل کشی روکنے اور فوری جنگ بندی کا مطالبہ دہرا دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا کہ اسرائیلی بمباری سے درجنوں فلسطینی شہید ہوئے، اسپتالوں اور بنیادی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، اسرائیلی اقدامات انسانی اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل متاثرین کو امداد کی فراہمی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

لورالائی اولیوز کی عالمی کامیابی

وزارتِ قومی غذائی تحفظ کے وژن کی تعبیر ہے، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے بین الاقوامی سطح پر پاکستانی زیتون کے تیل کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)



لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کر رہی ہیں

اسحاق ڈار کی چینی وزیر سے ملاقات، اسٹریٹجک تعاون مضبوط بنانے پر اتفاق

چین پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی حمایت جاری رکھے گا، چینی وزیر لیو جیان چاؤ

بیجنگ (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بیجنگ میں چینی کمیونسٹ پارٹی کے وزیر لیو جیان چاؤ سے ملاقات کی جس میں دو طرفہ تعلقات اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے اسٹریٹجک تعاون مزید مضبوط بنانے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

پی ٹی آئی عدم اعتماد لانے کا شوق پورا کرلے، ناکامی کے سوا کچھ نہیں ملے گا

عظمیٰ بخاری

پی ٹی آئی اپنے سوشل میڈیا ٹائیگرز کو مطمئن کرنے کے لیے صرف خان کے باہر آنے کی تاریخیں دیتی رہتی ہے، فیصل واوڈا کو کوئی بھی سنجیدگی سے نہیں لیتا

نجم سیٹھی کی "چڑیا" عمر رسیدہ ہو کر ذہنی توازن کھو چکی ہے، حکومت نے پہلی بار اپنے ایم پی ایز کی رہائشی یا کاروباری جگہوں پر قائم تجاوزات کا خاتمہ کیا ہے: وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اگر عدم اعتماد لانے کا شوق پورا کرنا چاہتی ہے تو کرلے، لیکن اس کوشش سے اسے ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا، پی ٹی آئی اپنے سوشل میڈیا ٹائیگرز کو مطمئن کرنے کے لیے صرف خان کے باہر آنے کی تاریخیں دیتی رہتی ہے۔ یہ بات انہوں نے ڈی جی پی آر میں ایک اہم پریس کانفرنس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

پنجاب حکومت برطانیہ کیساتھ اشتراک کار کو مزید وسعت دینے کیلئے پرعزم ہے

مریم نواز

وزیر اعلیٰ پنجاب اور برطانوی ہائی کمشنر کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعاون، تعلیم، سرمایہ کاری، ماحولیاتی تحفظ اور گورننس میں شراکت داری کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال ہوا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے سبکدوش ہونے والی سیاسی مشیر زوئی ویئر کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا گیا، سفارتی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات کی، وزیر اعلیٰ نے حالیہ پاک بھارت کشیدگی میں برطانیہ کے مثبت اور مدبرانہ کردار کو سراہا، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ تعاون، تعلیم، سرمایہ کاری، ماحولیاتی تحفظ اور گورننس میں شراکت داری کو مزید فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ پنجاب کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد: وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف ایف بی آر میں اصلاحات بارے منعقدہ میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی

یہ اعزاز قوم کی امانت نبھانے کیلئے لاکھوں عاصم بھی قربان: عاصم منیر



حکومت پاکستان نے جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی منظوری دے دی، وزیر اعظم شہباز شریف کے زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں اہم فیصلے ہوئے، وزیر اعظم نے پوری پاکستانی قوم کو معرکہ حق کے دوران آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی اور دشمن کے عزائم خاک میں ملانے پر مبارکباد دی

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت پاکستان نے جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی منظوری دے دی۔ وزیر اعظم شہباز شریف کے زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں اہم فیصلے ہوئے، وزیر اعظم نے پوری پاکستانی قوم کو معرکہ حق کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

خدشہ موجود ہے بھارت پھر کوئی شرارت کرسکتا ہے، عرفان صدیقی

بھارت میں اب انسانی حقوق کی کوئی قدر نہیں، بھارت نے جو مہم جوئی کی اس میں منہ کی کھائی ہے، لیگی سینیٹر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ خدشہ موجود ہے کہ بھارت پھر کوئی شرارت کرسکتا ہے، مودی نے بھارت کا چہرہ بدل دیا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بھارت میں اب انسانی حقوق کی کوئی قدر و قیمت نہیں، بھارت نے جو مہم جوئی کی اس میں منہ کی کھائی ہے۔ عرفان صدیقی نے کہا کہ بھارت نے امریکا سے رابطہ کیا اور جنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

پہلے جھکیں نہ اب جھکیں گے، ہمیں شہادت کی آرزو زندگی سے زیادہ ہے

لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

جب ہمارا عزم مضبوط ہوگا جو ہم نے دکھایا بھی تو بین الاقوامی کمیونٹی بھی اپنا کردار ادا کرتی ہے، چینی میڈیا گروپ کو انٹرویو

راولپنڈی (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ میں پہلے بھی کہتا رہا ہوں اب بھی کہتا ہوں کہ ہمیں شہادت کی آرزو زندگی سے زیادہ ہے، ہم اللہ کے بعد سب سے زیادہ اپنے آپ پر انحصار کرتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے وفاقی وزیر احسن اقبال ملاقات کر رہے ہیں

شیری رحمٰن کا کم عمری کی شادی کے خلاف بل کی حمایت پر سیاسی جماعتوں، اپوزیشن اور عوام کا شکریہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کم عمری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

ریاستی اداروں کیخلاف پوسٹ کیس، صنم جاوید کی درخواست ضمانت خارج

لاہور (این این آئی) لاہور کی سیشن عدالت نے ریاستی اداروں کے خلاف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)



بیجنگ: نائب وزیر اعظم، وزیر خارجہ اسحاق ڈار چین کی کمیونسٹ پارٹی کے اراکین کیساتھ میٹنگ کر رہے ہیں

بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کا گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر چیئرپرسن وزیر اعلیٰ پنجاب سرویلنس و مانیٹرنگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

مسئلہ کشمیر حل کئے بغیر خطے میں دیرپا امن ممکن نہیں، عاصم افتخار

سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی، دیگر جارحانہ بھارتی اقدامات اشتعال انگیز عرب گروپ کے سفیروں کو بریفنگ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر حل کئے بغیر خطے میں دیرپا امن ممکن نہیں۔ عرب گروپ کے سفیروں کو جنوبی ایشیا کی موجودہ علاقائی صورت حال پر بریفنگ دیتے ہوئے عاصم افتخار احمد کا کہنا تھا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو کی نااہلی کیلئے درخواست دائر

لاہور ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں وزارت قانون، الیکشن کمیشن اور بلاول بھٹو کو فریق بنایا گیا

لاہور (این این آئی) رکن قومی اسمبلی اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی نااہلی کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ بلاول بھٹو بیک وقت پیپلز پارٹی اور پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز دونوں کے رکن ہیں، جو کہ الیکشن ایکٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)



لاہور: وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں اہم پریس کانفرنس کر رہی ہیں

کشیدگی کے ماحول میں آرمی چیف کے ساتھ ہیں، پی ٹی آئی رکن اسمبلی

اسد قیصر نے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے خلاف عدم اعتماد کی بات پرانی میٹنگ کے حوالے سے کہی، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر نثار جٹ نے کہا ہے کہ بھارت کے ساتھ کشیدگی کے ماحول میں ہم آرمی چیف کے ساتھ کھڑے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

اپوزیشن کی قراردادوں کی حمایت نیم دلانہ تھی، خرم دستگیر

اچھا ہوتا وہ ڈی جی آئی ایس پی آر کی بریفنگ جو تمام سیاسی جماعتوں کیلئے کی گئی تھی 4 مئی کو اس میں آجاتے: بیان

بھارت میں ایک بہت بڑی کانسٹیٹیوٹی ہے جو نریندر مودی کے خلاف بھی ہے، میرے خیال میں پولیٹیکل اسپیس بھی موجود ہے: اسد عمر

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر اسد عمر کا کہنا ہے کہ انڈیا میں جو بی جے پی کی گورنمنٹ ہے، نریندر مودی ہیں وہ اسی سیاست سے انھوں نے انڈیا میں اپنا اتنا بڑا ووٹ بینک کری ایٹ کیا ہے، ان سے ایکسپیکٹ یہ کرنا کہ ایک دم سے سینس ایبل بات کرنا شروع کردیں گے تو یہ نہیں ہوسکتا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو میں انھوں نے کہا کہ یہ آرٹیکل لکھنے کا مقصد میرا یہ تھا کہ انڈیا میں بھی ایک بہت بڑی کانسٹیٹیوٹی ہے جو مودی کیخلاف بھی ہے اس لیے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

پنجاب کے تعلیمی اداروں میں 28 مئی سے موسم گرما کی تعطیلات کا اعلان

لاہور (این این آئی) پنجاب میں گرمی کی شدت بڑھنے کے باعث صوبے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

131 بجلی کے سرکاری کنکشن لیسکو کے نادہندہ نکلے

رائے ونڈ (این این آئی) 131 بجلی کے سرکاری کنکشن لیسکو کے نادہندہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

فیصل کریم کنڈی سے نو تعینات اکاؤنٹنٹ جنرل خیبر پختونخوا کی ملاقات

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے نو تعینات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

سپریم کورٹ نے فواد چوہدری کا کیس دوبارہ ہائی کورٹ بھیج دیا

ایک واقعے پر پانچ سو مقدمات نہیں ہوسکتے، عدالت دوبارہ سماعت کرکے آرڈر جاری کرے، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے فواد چوہدری کے خلاف 9 مئی کے واقعات سے متعلق درج متعدد ایف آئی آرز کو یکجا کرنے کے معاملے پر لاہور ہائیکورٹ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



لاہور: وزیر صنعت و تجارت پنجاب چوہدری شافع حسین کا سینیٹ کے امیدوار حافظ عبدالکریم کے ہمراہ گروپ فوٹو

پاکستان مسلم لیگ کا حافظ عبدالکریم کی حمایت کا اعلان

حافظ عبدالکریم سینٹر منتخب ہو کر قانون سازی اور ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا موثر کردار ادا کریں گے، صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین

شافع حسین سے حافظ عبدالکریم کی ملاقات، سینٹ انتخابات، بھارتی جارحیت، ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال سمیت دیگر امور پر بات چیت

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ نے سینیٹ کی خالی نشست پر انتخاب میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار حافظ عبدالکریم کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ گزشتہ روز پاکستان مسلم لیگ پنجاب کے جنرل سیکرٹری، پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے سینٹ کے امیدوار حافظ عبدالکریم نے ملاقات کی۔ صوبائی وزیر کے آفس میں ہونے والی ملاقات میں سینٹ کے انتخابات، بھارتی جارحیت، ملک کی مجموعی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



پشاور: گورنر خیبر پختونخواہ فیصل کریم کنڈی سے نیدرلینڈ کی سفیر ہینی فوکل ملاقات کر رہی ہیں

26 نومبر احتجاج کیسز، بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں 12 جون تک توسیع

بشریٰ بی بی کے خلاف راولپنڈی، ٹیکسلا اور اٹک میں مقدمات درج ہیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے 26 نومبر کے احتجاج کیسز میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی عبوری ضمانت میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک سے این ڈی ایم اے کے چیئرمین ملاقات کر رہے ہیں

جعفر ایکسپریس حملے کی تشہیر سے بھارت کا دہشتگردوں سے گٹھ جوڑ بے نقاب

جنگی محاذ پر شکست کے بعد بھارت نے نیا پروپیگنڈا شروع کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) بھارت اور فتنۃ الہند کی بلوچستان میں دہشتگردی اور گٹھ جوڑ بے نقاب ہوگیا، جنگی محاذ پر شکست کے بعد بھارت نے نیا پروپیگنڈا شروع کر دیا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

حکومت پنجاب نے بھارتی حملے کے شہداء کے لواحقین، زخمیوں کیلئے فنڈز جاری کر دیئے

شہید ایک کروڑ، شدید زخمیوں کو 20 لاکھ، معمولی زخمی افراد کو 10 لاکھ روپے امداد ملے گی

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے بھارت کے بزدلانہ حملے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اہم میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

سپین کا اسرائیل کو گانے کے مقابلے یورو ویژن سے باہر رکھنے کا اعلان

میڈرڈ (این این آئی) سپین کے وزیر اعظم پیڈرو سانچیز نے کہا ہے کہ گانوں کے مقابلے یورو ویژن سے اسرائیل کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

نور قتل کیس میں انصاف ہوتا نظر آنا چاہیے، شوکت مقدم

قتل ہوا، ملزم سزا کے ڈر سے پاگل پن کا ڈرامہ کر رہا ہے، میڈیا کا تعاون پر شکر گزار ہوں، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نور مقدم کے والد شوکت مقدم نے کہا ہے کہ میری بیٹی کے کیس میں انصاف ہوتا نظر آنا چاہیے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے شوکت مقدم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

ڈپٹی کمشنر عمران علی کا گورنمنٹ سکولوں اور بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال کا اچانک دورہ

عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، امتحانی عمل میں کوتاہی برداشت نہیں

قصور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، چیف سیکرٹری پنجاب اور کمشنر لاہور ڈویژن کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر عمران علی کا بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

اپوزیشن کے 6 ارکان کی چھوٹ کے متعلق باتیں فلاپ شو، فیصل واوڈا

حب الوطنی پر کبھی کسی پر سوال نہیں اٹھایا چاہے، نواز شریف ہو، زرداری ہو یا بانی پی ٹی آئی ہوں، سارے حب الوطن ہیں، میڈیا سے بات چیت

یہ جو باتیں ہو رہی ہیں کہ بریفنگ دی گئی ہے یہ بکواس ہے، پورا ملک جیت کا جشن منا رہا ہے، جو آرمی چیف کی بدولت نصیب ہوئی

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سیاستدان اور سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ اپوزیشن پارٹی کے 6 ارکان کی چھوٹ کے متعلق باتیں فلاپ شو ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں فیصل واوڈا کا میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ ہم نے حب الوطنی پر کبھی کسی پر سوال نہیں اٹھایا چاہے، نواز شریف ہو، زرداری ہو یا بانی پی ٹی آئی ہوں، سارے حب الوطن ہیں یہ جو باتیں ہو رہی ہیں کہ بریفنگ دی گئی ہے یہ بکواس ہے۔ انہوں نے کہا کہ پورا ملک جیت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

غزہ میں اسرائیلی ناکہ بندی ختم کی جائے، یورپی یونین

برسلز (این این آئی) یورپی یونین سربراہ ارسولا وان ڈیرلین نے کہا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

جاپان کی گورنر سعودی عرب میں خواتین کی سربراہی کانفرنس میں شرکت کریں گی

ٹوکیو (این این آئی) جاپان کی گورنر یوریکو کوئیکے سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں منعقد ہونے والی خواتین کی بین الاقوامی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

غزہ میں خوراک کے 9 ٹرکوں کو داخلے کی اجازت سمندر میں قطرہ ہے، اقوام متحدہ

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ نے 20 لاکھ سے زیادہ فلسطینیوں کی آبادی والے علاقے غزہ میں خوراک کے 9 ٹرکوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

سعودی عرب کی غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں اضافے کی مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے علاقے کے بڑے حصے پر قبضے میں توسیع قرار دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق وزارت سے جاری بیان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

فیصلوں پر نظر ثانی کا اختیار صرف غلطیوں کی درستی کیلئے ہے، جسٹس محمد علی مظہر

آئین سپریم کورٹ کے اپنے سابقہ فیصلوں کا جائزہ لینے پر کوئی پابندی نہیں لگاتا، 7 صفحات کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس محمد علی مظہر نے قرار دیا کہ کسی عدالتی فیصلے پر نظر ثانی ایک اہم قدم ہے اور یہ اقدام اسی وقت اٹھانا چاہیے جب ریکارڈ پر کسی واضح غلطی، لاپرواہی کو نظر انداز کیے جانے کی وجہ سے سنگین ناانصافی سامنے آئی ہو۔ جسٹس محمد علی مظہر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)



لاہور: وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین پنجاب صاف پانی اتھارٹی میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نعیم اختر نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد سپرد خاک

نماز جنازہ پیر سید اظہر الحسن شہزادہ پیر نے پڑھائی، ریسکیو 1122 کے چاق و چوبند دستے کی سلامی

نارووال (این این آئی) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نعیم اختر کو نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ پیر سید اظہر الحسن شہزادہ پیر نے پڑھائی۔ ریسکیو 1122 کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)



لاہور: وزیر لائیو سٹاک و زراعت پنجاب عاشق کرمانی وزیر اعلیٰ پنجاب لائیو سٹاک انسٹیٹیوز کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

باٹا پور پولیس نے ڈکیتی، چوری، ناجائز اسلحہ کے 60 سے زائد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ 03 رکنی عبداللہ موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) باٹا پور پولیس نے ڈکیتی، چوری، ناجائز اسلحہ کے 60 سے زائد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ 03 رکنی عبداللہ موٹر سائیکل چور گینگ گرفتار کرلیا ترجمان کے مطابق باٹا پور پولیس نے اسٹیشن ہیڈ کوارٹر کی زیر نگرانی موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ عبداللہ، ساتھی طارق اور نصیر کو گرفتار کرکے ملزمان سے 02 موٹر سائیکل، 02 موٹر بائیک، 04 موبائل فون، نقدی، پستول اور گولیاں برآمد کر کے مقدمات درج کرلیے پولیس کا کہنا ہے کہ دوران تفتیش ملزمان نے غیر قانونی پارکنگ، بازاروں میں بغیر لاک کے کھڑی موٹر سائیکلیں چوری کرنے کا اعتراف کیا ہے۔

منچن وال پولیس نے 19 سالہ بیٹے کو قتل کرنیوالے سوتیلے باپ کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) منچن وال پولیس نے 19 سالہ بیٹے کو قتل کرنیوالے سوتیلے باپ کو گرفتار کرلیا ملزم نے تفتیش میں بتایا کہ اسکا بیٹا اکثر اسکی والدہ سے جھگڑتا تھا اور اس کو تشدد کا نشانہ بناتا تھا جس کی وجہ سے اسکی والدہ اسکو چھوڑ کر اپنے والد کے گھر چلی گئی تھی ملزم نے

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 21 مئی 2025ء

صدر قصور پریس کلب عطاء محمد قصوری کی زیر قیادت صحافیوں کی ڈپٹی کمشنر سے ملاقات

ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ قصور میڈم تابندہ سلیم سمیت ضلع بھر سے مختلف پریس کلبوں کے صدور کی شرکت



چونیاں (تحصیل رپورٹر) صدر قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب عطاء محمد قصوری کی زیر قیادت ضلع بھر کے صحافیوں کی ڈپٹی کمشنر قصور سے خصوصی ملاقات، ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ قصور میڈم تابندہ سلیم سمیت ضلع بھر سے مختلف پریس کلبوں کے صدور کی شرکت، آج قصور ڈسٹرکٹ پریس کلب کے صدر عطا محمد قصوری نے قصور کی تمام تحصیلوں کے صدور سمیت ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن لاہور ڈویژن، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر قصور تابندہ سلیم کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ڈپٹی کمشنر کی پیشہ وارانہ صلاحیت کے اعتراف میں موجودہ جنگ کی صورت حال پر بہترین حکمت عملی اختیار کرنے پر انہیں مبارکباد دی شہید صحافی اے آر وائی عبدالرزاق شہید کی مغفرت کی دعا کی، اس موقع پر ڈی سی قصور عمران علی نے انکے خاندان کیلئے اپنے صوابدیدی فنڈ میں سے مالی امداد دینے کا اعادہ بھی کیا۔ صحافی برادری نے پاک بھارت جنگ میں شاندار کامیابی پر ڈپٹی کمشنر قصور عمران علی کو مبارکباد پیش کی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ ڈپٹی کمشنر قصور نے کہا کہ شہدائے وطن ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں۔ آج شہید صحافی عبدالرزاق کی آٹھویں برسی کے موقع پر ان کی شاندار صحافتی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔

جہلم آٹے کی قیمت میں بڑی کمی بھی ہوٹل مالکان کا پیٹ نا بھر سکی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم آٹے کی قیمت میں بڑی کمی بھی ہوٹل مالکان کا پیٹ نا بھر سکی۔ 80 سے 90 گرام کی روٹی 20 روپے سے 40 روپے میں فروخت کی جانے لگی انتظامیہ نے گراں فروشوں کو کھلی چھوٹ دے دی شہری سراپا احتجاج ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے اور گران فروشوں کے خلاف فوجداری مقدمات درج کروانے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق پنجاب حکومت کے واضح احکامات اور آٹے کے نرخوں میں غیر معمولی کمی کے باوجود جہلم شہر سمیت گردونواح میں روٹی 20 روپے سے 40 روپے میں فروخت کی جانے لگی آٹے کے نرخوں میں بڑی کمی کے باوجود چھوٹے بڑے ہوٹلوں کے مالکان نے حکومتی احکامات کو ہوا میں اڑا دیا، شہریوں نے ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ سے فوری نوٹس لینے اور موثر و مربوط اقدامات اٹھانے کی اپیل کی ہے۔

میونسپل کمیٹی چکوال کا شہر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری

چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا غیر قانونی تجاوزات کے خلاف آپریشن اور ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات کے ہدایت پر میونسپل کمیٹی چکوال کا شہر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری سر آپریشن کی تفصیل بتاتے ہوئے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی فیاض ہاشمی نے کہا کہ انسداد تجاوزات پر مامور میونسپل سکواڈ نے منگل کے روز شہر میں بھون روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سات دکانیں سیل کی گئیں اور پختہ تھڑے توڑے گئے۔ چیف آفیسر نے کہا کہ تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے تجاوزات کنندگان کو خبردار کیا کہ وہ رضا کارانہ طور پر خود ہی تجاوزات ختم کر دیں ورنہ انسداد تجاوزات آپریشن کے دوران تجاوزات کا مکمل صفایا کر دیا جائے گا۔

سول ڈیفنس نے ضلع بھر کے اداروں کو ہر قسم کے ہنگامی اجلاس کیلئے آگاہ کر دیا

زمانہ امن ہو یا جنگ محکمہ سول ڈیفنس نے اپنا کلیدی کردار ادا کیا ہے: خالد شہزاد اعوان

عام شہریوں اور ملازمین کو جنگ کے ماحول میں ذاتی و ملکی دفاع کی تربیت دینے کا خصوصی سلسلہ شروع کیا گیا ہے جو ایک ماہ تک جاری رہے گا جبکہ محکمہ میں رضا کارانہ طور پر خدمات سرانجام دینے کیلئے عام شہریوں کی بھرتی کا سلسلہ بھی شروع کر دیا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ ملکی سکیورٹی اداروں کے ساتھ ساتھ عام شہریوں کو بھی اپنے وطن کی حفاظت و دفاع کیلئے خود کو تیار کرنے کی اشد ضرورت ہے اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ کی ہدایت پر ضلع بھر کے تمام محکموں کے علاوہ پرائیویٹ سیکٹر میں کام کرنے والے ملازمین کو خصوصی ٹریننگ دی جا رہی ہے، اس موقع پر انسٹرکٹر یکٹر ملک شاہد اعوان نے تمام ملازمین کو باری باری ٹریننگ کے مراحل مکمل طور پر مکمل کروائے۔

سیکھوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیکھوپورہ شاہد عمران مارتھ کی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس نے ضلع بھر میں واقع پرائیویٹ اداروں کے ملازمین کو ہنگامی و جنگی حالات سے نبرد آزما ہونے کیلئے تربیتی مشقوں کا آغاز کر دیا ہے اس سلسلہ میں محکمہ سول ڈیفنس کے آفیسر ملک خالد شہزاد اعوان کی سربراہی میں محکمہ کے چیف انسٹرکٹر محمد حنیف ورک اور انچارج پلاٹ ملک شاہد اعوان نے قائد اعظم تھرمل پاور پلانٹ کا دورہ کیا اور وہاں پر ملازمین کو ایمرجنسی میں خصوصی کیچر دیا اور ریسکیو فرسٹ ایڈ کی عملی مشقیں کروائیں، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ملک خالد شہزاد اعوان نے کہا کہ زمانہ امن ہو یا جنگ محکمہ سول ڈیفنس نے اپنا کلیدی کردار ادا کیا ہے ملک کے موجودہ حالات کے پیش نظر

شاہد لطیف خاں ایڈوائزر اور اصغر علی اعوان کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد

کھلی کچہری میں لوگوں کی وفاقی حکومت کے اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات سنیں ان اداروں میں گیپکو سوئی گیس، پوسٹل لائف انشورنس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام نادرا پاسپورٹ اور وفاقی حکومت کے دیگر ادارے شامل تھے



گوجرانوالہ (محمد پرویز مغل قوت بیورو) شاہد لطیف خاں ایڈوائزر (انچارج)، اور اصغر علی اعوان، اسسٹنٹ رجسٹرار، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس گوجرانوالہ نے ناروال میں ڈپٹی کمشنر آفس کمپلیکس میں واقع ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر کے کمرے میں کھلی کچہری لگائی۔ اس موقع پر مختلف محکموں کے سینئر افسران موجود تھے۔ کھلی کچہری میں لوگوں کی وفاقی حکومت کے اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایات سنیں ان اداروں میں گیپکو سوئی گیس، پوسٹل لائف انشورنس، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام، نادرا، پاسپورٹ اور وفاقی حکومت کے دیگر ادارے شامل تھے۔ اس موقع پر تقریباً 18 کے قریب لوگوں نے شرکت کی اپنے مسائل سے آگاہ کیا اور شاہد لطیف خاں سے درخواست کی کہ ان کے مسائل کو حل کروایا جائے۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے سینئر افسران بھی حاضر ہوئے۔ شاہد لطیف خاں نے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جاری کی کہ تمام شکایت کنندگان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ کھلی کچہری کے انعقاد کے بعد شاہد لطیف خاں ایڈوائزر (انچارج)، وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، ریجنل آفس، گوجرانوالہ نے لوگوں کی مختلف وفاقی محکموں کے خلاف (Outreach Complaint Resolution) اور انصاف آپ کی دہلیز پر کے تحت شکایات سنیں۔ جس میں گیپکو، سوئی گیس، پی ٹی اے، کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس، اے جی پی آر وغیرہ کے خلاف (16) شکایات سنیں۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے سینئر افسران موجود تھے اس کے علاوہ پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ان میں سے دوران سماعت (12) شکایات کا موقع پر ہی فیصلہ کر دیا گیا اور لوگوں کو ریلیف فراہم کیا گیا باقی (4) شکایات کو اگلی تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا۔ اس موقع پر موجود شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو سراہا اور عزت مآب اعجاز احمد قریشی صاحب کا شکریہ ادا کیا۔ اس کے بعد جناب شاہد لطیف خاں ایڈوائزر (انچارج) نے گفتگو کرتے ہوئے کہا اس ادارے کا مقصد لوگوں کو ان کی دہلیز پر مفت اور فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلہ میں نہ کسی وکیل کی ضرورت ہوتی ہیاور نہ فیس کی اس سلسلے میں شکایات کا صرف (40) چالیس دن میں فیصلہ کیا جاتا ہے۔ تمام شکایات کنندگان نے درخواست کی کہ یہ دورے جاری رہنے چاہیے کیوں کہ یہ ان کے مسائل کا بہترین حل ہے اور ان کو اپنے ہی شہر میں حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔

یوم بقائے اسلام کے سلسلہ میں صاحبزادہ ضیاء الحسن ہاشمی کا علاقہ کا دورہ

ماتمی جلوس اپنے مقررہ قدیمی راستوں سے گزر کر برمکان مشتاق حسین ملنگ بالمقابل دربار پیر سید امانت علی شاہ اختتام پذیر ہوگا



شکر گڑھ (عمران عارف سے) قدیمی سالانہ مجلس عزا یوم بقائے اسلام 18 جیٹھ 31 مئی گڈگور شریف سیالکوٹ کے سلسلہ میں منتظم مخدوم ضیاء الحسن ہاشمی نے علاقہ کے معززین، یسانیان اور عزاداران سے ملاقات کر کے حسب سابق مجلس عزا میں شرکت کی دعوت دی اور پروگرام کے حوالہ سے بتایا کہ مجلس عزا الخمیس 9 بجے شروع ہوگی بعد از مجلس عزا شبیہ ذوالجناح سرکار امام حسین علیہ السلام برآمد ہوگی اور ماتمی جلوس اپنے مقررہ قدیمی راستوں سے گزر کر برمکان مشتاق حسین ملنگ بالمقابل دربار پیر سید امانت علی شاہ اختتام پذیر ہوگا۔ مخدوم ہاؤس میں نیاز امام اور سبیل شہزادہ علی اصغر علیہ السلام کا انتظام ہوگا۔ عزاداروں اور ماتمیوں نے شرکت کی یقین دہانی کرائی۔

طلبہ وطالبات شدید گرمی وحبس کے دوران کھلے آسمان تلے موسم کی ستم ظریفی کا تختہ مشق بننے پر مجبور

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں سرکاری ہائی سکولوں کے کمرے امتحانات کے لئے مخصوص ہونے سے ہزاروں طلبہ وطالبات شدید گرمی وحبس کے دوران کھلے آسمان تلے موسم کی ستم ظریفی کا تختہ مشق بننے پر مجبور۔ بعض سرکاری سکولوں کے طلبہ وطالبات شدید گرمی وحبس کے باعث نڈھال ہو کر بے ہوش ہوتے رہے جبکہ محکمہ ایجوکیشن کے افسران ٹھنڈے کمروں میں مزے لینے میں مصروف۔ تفصیلات کے مطابق حافظ آباد شہر کے سرکاری ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں کے کمرے اسوقت انٹرمیڈیٹ کے امتحانات ہونے کی وجہ سے مخصوص چلے آرہے ہیں حالانکہ ان سکولوں میں پہلے ہی تعداد کے لحاظ سے کمروں کی قلت محسوس کی جارہی تھی لیکن اب امتحانات کے وجہ سے ان کمروں میں بیٹھنے والی کلاسز بھی کھلے آسمان تلے موسم کی ستم ظریفی کا تختہ مشق بننے پر مجبور چلی آرہی ہیں۔

مسلم دنیا استعماری قوتوں کا مقابلہ کرنے کے لیے تعلیم، ٹیکنالوجی اور معاشی انصاف کو یقینی بنائیں

فلسطین، کشمیر، عراق، شام اور افغانستان میں انسانی حقوق کی پامالی مسلم دنیا کے لئے اہم سبق ہے: محمد فالح شاہ



شرپور شریف (نامہ نگار) امن ترقی پارٹی کے چیئرمین محمد فالح شاہ نے کہا ہے کہ دنیا اور عالمی ادارے امن کی طرف نہیں جائیں گے تو بڑا انسانی بحران پیدا ہوگا جس کو سنبھالنا تمام ممالک اور عالمی اداروں کے لئے ناممکن ہوگا، محمد فالح شاہ "عالمی امن اور فلسطین" کنونشن سے خطاب کر رہے تھے، انہوں نے کہا کہ مسلم دنیا نے فلسطین، کشمیر، عراق اور، شام میں ہونے والے مظالم سے سبق نہیں سیکھا، انہوں نے کہا کہ مسلم دنیا تعلیم، ٹیکنالوجی اور معاشی انصاف کو یقینی بنائیں دنیا کی بڑی طاقت ان کی طرف بیٹی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتی بدقسمتی سے معاشی اور معاشرتی ناانصافی نے اسلامی دنیا کو انتشار میں مبتلا کر رکھا ہے، استعماری قوتوں نے ٹیکنالوجی کی مدد سے دنیا بھر میں معاشی اور دفاعی حصار بنا رکھا ہے مسلمانوں میں دولت، وسائل اور صلاحیتوں کی کمی نہیں ہے، مگر تاریخ سے سبق سیکھنا ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ غزہ کو قبرستان بنانے والے، معصوم بچوں، خواتین و بزرگوں پر فاسفورس بم برسانے والے انسانی حقوق کے دعویدار نہیں ہو سکتے اقوام متحدہ، اسلامی سربراہی کانفرنس اور عرب لیگ کا جاندار موقف اختیار کرنا ہوگا، محمد فالح شاہ نے کہا کہ امن کے لیے سعودی عرب، ترکی، مصر اور پاکستان کو اہم کردار ادا کرنا ہوگا، مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ تعلیم اور ٹیکنالوجی میں اپنے آپ کو مضبوط کریں یہی ترقی کا مقابل میں مقابلہ کرنے کے لیے ضروری ہے، دکھ کی اس گھڑی میں ہم فلسطینی عوام کے ساتھ ہیں امن و ترقی ہماری منزل اور انصاف اور اختیار عوام کو دینا ہماری منزل ہے۔

سیالکوٹ ٹریفک پولیس کا ٹرانس جینڈر کاؤنٹر آپریشنل ہے۔ Dsp لائسنسنگ مدثر صدیق

ٹرانس جینڈرز کو عزت دینے پر حکومت پنجاب و ڈی پی او سیالکوٹ کا شکریہ۔ ٹرانس جینڈرز کی میڈیا ٹاک



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) حکومت پنجاب کی ٹرانسجینڈر کمیونٹی کیلئے سہولت فراہمی کے وعدے کے عین مطابق دیگر اداروں کی طرح ٹریفک پولیس خدمت مرکز سیالکوٹ میں بھی ٹرانسجینڈر کاؤنٹر آپریشنل کیا جا چکا ہے۔ اس موقع پر 7 ٹرانسجینڈرز نے اپنے ڈرائیونگ لائسنسز کے حصول کیلئے ڈی ایس پی لائسنسنگ ٹریفک پولیس مدثر صدیق کے آفس پہنچے جنہوں نے ٹرانسجینڈر کاؤنٹر انچارج شاہ جی (ٹرانسجینڈر) کے پاس لرننگ ڈرائیونگ لائسنس کیلئے بھجوایا۔ تھوڑی دیر میں قانونی پراسس کے بعد ٹرانسجینڈرز دوبارہ شکریہ کی غرض سے ڈی ایس پی لائسنسنگ کے آفس آئے جہاں موجود روزنامہ قوت سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ٹرانسجینڈرز نے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ حکومت پنجاب و ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب اور ڈی ایس پی مدثر صدیق کا شکریہ ادا کرتے ہیں جن کی وجہ سے باعزت و باوقار طریقے سے بغیر کسی پریشانی کے ہم نے با آسانی اپنے لرنر لائسنس بنوائے ہیں ہم اپنے پکے ڈرائیونگ لائسنس بنوا کر رکشہ و ٹیکسی چلا کر اپنا باعزت روزگار کمائیں گے۔

گرمی کی شدت کے باعث بجلی کی طلب میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے: خالد وسیم ایڈووکیٹ

الیکٹرونکس کی اشیاء کے بے تحاشا استعمال نے بجلی کی کھپت میں بھی گنا اضافہ کر دیا ہے



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اتحاد گروپ کے کنوینر محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے بجلی کے بڑھتے ہوئے مسائل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گرمی کی شدت کے باعث بجلی کی طلب میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جس کے نتیجے میں سوسائٹی کے ٹرانسفارمرز پر بہت زیادہ بوجھ پڑ رہا ہے اور وہ آئے روز جل جاتے ہیں۔ الیکٹرونکس کی اشیاء کے بے تحاشا استعمال نے بجلی کی کھپت میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ خاص طور پر گھروں میں ایک کی بجائے چار سے پانچ ایئر کنڈیشنر چلائے جا رہے ہیں جو ٹرانسفارمرز کی گنجائش سے کہیں زیادہ ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کچھ ممبران نے سولر پینل لگا رکھے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ اس سے بجلی کا بوجھ کم ہو جائے گا مگر حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔ دن کے وقت سولر سسٹم بجلی بناتا ہے اور واپڈا کو سولر سسٹم سے یونٹ موصول ہو جاتے ہیں، لیکن رات کے اوقات میں بجلی کا بوجھ اس قدر بڑھ جاتا ہے کہ ٹرانسفارمر اسے سنبھال نہیں پاتے اور جل جاتے ہیں۔ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی بجلی کے بے جا استعمال کو روکنے میں اپنی تمام تر کوششوں کے باوجود ناکام رہی ہے کیونکہ ممبران بجلی کے استعمال میں کفایت شعاری نہیں برتتے۔ ٹرانسفارمرز کی اوور لوڈنگ کی وجہ سے ہر ممبر پریشانی کا شکار ہے اور ٹرانسفارمرز کی تبدیلی یا مرمت میں کافی وقت لگتا ہے انہوں نے ممبران سے اپیل کی ہے کہ وہ بجلی کا استعمال احتیاط سے کریں اور اپنی ضروریات کے مطابق ایئر کنڈیشنر اور دیگر الیکٹرونکس کی اشیاء استعمال کریں۔ بجلی کی بچت سے نہ صرف ٹرانسفارمرز پر بوجھ کم ہوگا بلکہ دوسرے ممبران بھی بلا تعطل بجلی سے مستفید ہو سکیں گے انہوں نے تمام ممبران سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے بقایا جات اور واجبات بروقت ادا کریں ٹرانسفارمر جل جانے کی صورت میں فوری مرمت کے لیے مالی وسائل کی ضرورت ہوتی ہے لہذا ممبران کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرتے ہوئے واجبات کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنانا چاہیے۔

پسرور کے سرحدی گاؤں گنڈیال کے رہائشی میاں یاسر منہاس کا یوم تشکر

پہلے ہی کہا تھا بھارت کو جب ہم جواب دیں گے تو پوری دنیا دیکھے گی: میاں یاسر منہاس



پسرور (عبدالرزاق چونڈہ سے) پسرور کے سرحدی گاؤں گنڈیال کے رہائشی میاں یاسر منہاس کا یوم تشکر کے حوالہ سے اگلے مورچوں سے پاک فوج کے جوانوں سے ملاقات پاک فوج نے کہا تھا نہ کہ جب ہم جواب دیں گے تو پوری دنیا دیکھے گی پاک فوج اظہار تشکر پروگرام گنڈیال۔۔ لیفٹیننٹ کرنل قیصر صاحب اور میجر عمران حیدر صاحب کی جوانوں کے ساتھ گنڈیال آمد پر اہلیان گنڈیال کی طرف سے آرمی کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور پھولوں کے ہار اور پھول نچاور کیے گئے پاک فوج زندہ باد پاکستان زندہ باد۔ میں اہلیان گنڈیال کی محبت پیار اور خلوص کو ہمیشہ یاد رکھوں گا کرنل قیصر صاحب ہم ہم اپنی بہادر اور دلیر فوج کے افیسر اور جوانوں کے ساتھ ساتھ ہمیشہ اہم قدم ہیں۔

ریلبا زار عارفوالا میں غفران سنگھار ہاؤس کا افتتاح کر دیا گیا

افتتاح کے موقع پر چیف ایگزیکٹو انجمن تاجران محمد حسین حسینی، شیخ محمد ابرار ایڈووکیٹ موجود تھے



عارفوالا (نامہ نگار) آپکے شہر عارف والا میں تحصیل ضلع بھر میں کاروبار کی دنیا میں اشہور جانا پہچانا نام سیٹھی سنگھار ہاؤس ہول سیل ڈیلر کے بعد اب ریلبا زار عارفوالا میں غفران سنگھار ہاؤس کا افتتاح کر دیا گیا افتتاح کے موقع پر چیف ایگزیکٹو انجمن تاجران محمد حسین حسینی، شیخ محمد ابرار ایڈووکیٹ، راناں احسن امین، ملک محمد اکرم کھوکھر، شیخ محمد عمران، حاجی سیٹھی محمد سلیم شیر، ساجد محمود شیخ، مشتاق بلوچ، محمد عباس عارفی، اسلم بٹ، عمران لودھی، محمد زاہد کھوکھر سمیت دیگر تاجران دوکانداروں نے کثیر تعداد میں شرکت کی زاہد کھوکھر نے غفران سیف کی کامیابی و ترقی، وسیع کاروبار اور دوکان کی خیر و برکت کیلئے دعا خیر کی اور آنے والے تمام شرکاء میں مٹھائی تقسیم کی گئی اس موقع پر محمد حسین حسین نے کہا کہ اب علاقہ کی عوام کو لاہوریا سیالکوٹ جانے کی ضرورت نہیں اب آپکو شادی، مہندی و دیگر تقریبات کیلئے تمام ورائٹی تھانہ بازار عارفوالا غفران سنگھار ہاؤس ہول سیل ڈیلر سے ہی بارعایت ملیں گی۔۔

جہلم پریس کلب کی کنٹین کا باضابطہ افتتاح کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کی کنٹین کا باضابطہ افتتاح کر دیا جہلم پریس کلب کے عہدیداران و ممبران کثیر تعداد میں افتتاحی تقریب میں شریک حفظان صحت کے اصولوں کے عین مطابق کھانے تیار کر کے اللہ کی طرف سے بھجوائے گئے رزق کو مخلوق خدا میں تقسیم کر دیتے ہیں صفائی ستھرائی معیاری کھانا ہماری پہچان ہے کامران شیخ تفصیلات کے مطابق جہلم پریس کلب کی کنٹین کا گزشتہ روز باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی صدر الیکٹرانک میڈیا معروف سینئر صحافی عامر کیانی نے فیتہ کاٹ کر کنٹین کا افتتاح کیا اور کاروبار کی ترقی کے لیے دعا کی اس موقع پر چیئرمین جہلم پریس کلب چوہدری علیم محمود نائب صدر مرزا قدیر بیگ سابق جنرل سیکرٹری سید مستفیض اقبال بخاری آفس سیکرٹری عبدالغفار آزاد جائنٹ سیکرٹری چوہدری تصور حسین سیکرٹری انفارمیشن سید ناصر محمود سیکرٹری فنانس شہریار علی راجہ چوہدری دانیال عابد مرزا فاران بیگ چوہدری مہربان حسین عبدالرحمن قادری سمیت دیگر بھی موجود تھے اس موقع پر صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی نے کہا کہ کامران شیخ بہترین شیف ہیں اور انکے کھانوں کا معیار ہی انکی پہچان ہے چیئرمین جہلم پریس کلب چوہدری عابد محمود نے کہا شیخ کامران نام ہی کافی ہے جہلم شہر میں صاف ستھرے ماحول میں حفظان صحت کے اصولوں کی عین مطابق کھانے تیار کر کے اپنے گاہکوں کے معیار پر اترنا شیخ کامران سے بہتر کوئی نہیں جانتا نائب صدر مرزا قدیر بیگ نے کہا کہ جہلم پریس کلب کی کنٹین پر جہلم پریس کلب کے تمام صحافی ممبران کے لیے رعایتی نرخ مقرر کیے گئے ہیں۔

پرانی سبزی منڈی، محلہ ملک شیر علی کے مکینوں کو گزشتہ ایک سال سے سرکاری پانی کی فراہمی معطل ہے

شرپور شریف (نامہ نگار عامر مجید نوشاہی) پرانی سبزی منڈی، محلہ ملک شیر علی کے مکینوں کو گزشتہ ایک سال سے سرکاری پانی کی فراہمی معطل ہے۔ اہل محلہ کو پینے کے پانی کی عدم دستیابی کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ آج محلے کی خواتین نے پانی کی عدم فراہمی پر شدید احتجاج کرتے ہوئے اے سی آفس شرپور شریف کا رخ کیا۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنر میڈم انعم اکرم سے ملاقات کی اور پانی کی فوری فراہمی کے لیے درخواست جمع کروائی۔ اس موقع پر خواتین نے کہا کہ ایک سال سے سرکاری پانی کی فراہمی معطل ہے اور اہل محلہ کو متبادل انتظامات کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انتظامیہ کی عدم توجہی کے باعث پانی کا مسئلہ سنگین صورتحال اختیار کر چکا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنر میڈم انعم اکرم نے مظاہرین کو یقین دہانی کروائی کہ پانی کی فراہمی کا مسئلہ جلد از جلد حل کیا جائے گا اور متعلقہ محکمے کو ہدایات جاری کی جائیں گی۔ اہل محلہ کی خواتین نے اس پر اسسٹنٹ کمشنر میڈم انعم اکرم کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ ان کا پانی کا مسئلہ جلد حل ہو جائے گا۔

سماجی شخصیت میاں پرویز کے سسر کے انتقال پر اظہار تعزیت

ایم پی اے سرفراز ڈوگر، چوہدری تنویر، حافظ عثمان، میاں سلامت نے تعزیت کی



فاروق آباد (نامہ نگار) اتحاد امن کونسل کے فنانس سیکرٹری میاں پرویز کے سسر کے انتقال پر پریس کلب، انجمن تاجران، عوامی اتحاد، بزم ذکر حبیب سمیت شہر کی تمام سیاسی و سماجی تنظیموں نے گہرے دکھ کا اظہار کیا جبکہ گزشتہ روز ایم پی اے سردار سرفراز ڈوگر، سیاسی رہنماء پی ٹی آئی چوہدری تنویر ورک، جنرل سیکرٹری پریس کلب حافظ عثمان ہاشمی، انفارمیشن پریس کلب میاں سلامت علی نے اظہار افسوس کیا اور مغفرت کی دعائی

جہلم کے تاریخی قصبہ جلالپور شریف میں برائلر مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں بے ضابطگیاں عوام شدید پریشان

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کے تاریخی قصبہ جلالپور شریف میں برائلر مرغی کے گوشت کی قیمتوں میں بے ضابطگیاں عوام شدید پریشان۔ انتظامیہ نے شہریوں کو گراں فروشوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا مکینوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق جلالپور شریف میں برائلر گوشت کی قیمتوں میں سنگین بے ضابطگیاں سامنے آرہی ہیں۔ کسی بھی مرغ شاپ پر سرکاری نرخ نامہ آویزاں نہیں مرغی کا گوشت فروخت کرنے والے دکاندار من مرضی کے نرخوں پر گوشت فروخت کر کے صارفین کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں قابل ذکر بات یہ ہے کہ ریٹ لسٹ نہ ہونے کی وجہ سے ہر دکاندار اپنی مرضی کے نرخوں پر گوشت فروخت کر رہا ہے۔

لیسکو نارنگ کی بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں مسلسل جاری

شہر اور گردونواح میں درجنوں بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر لاکھوں روپے کے جرمانے کیے گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لیسکو نارنگ کی بجلی چوروں کے خلاف کارروائیاں مسلسل جاری ہیں شہر اور گردونواح میں درجنوں بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر لاکھوں روپے کے جرمانے کیے گئے اسسٹنٹ منیجر سب ڈویژن نارنگ ساؤتھ احمر خاں شیروانی اور نارتھ انجینئر ضیاء محمود نے سٹی پریس کلب نارنگ میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ شہر اور نواحی علاقوں حمید پور مست چک رتہ گجراں ڈالہ واہگہ جنڈیالہ سمیت مختلف دیہات اور نارنگ شہر میں آپریشن کرتے ہوئے 40 سے زائد بجلی چوروں کو رنگے ہاتھوں پکڑ کر ان کے خلاف مقدمات درج کر کے لاکھوں روپے کے جرمانے کیے گئے ہیں شہری بجلی چوری کی اطلاع ضرور دیں لیسکو ٹیمیں سیکورٹی اداروں کے ہمراہ روزانہ کی بنیاد پر آپریشن کر رہی ہیں بجلی کی بلاتعطل فراہمی اور ریگولر بل ادا کرنے والے صارفین کو ریلیف دینے کیلئے بجلی چوری روکنا ضروری ہے۔

گوجرانوالہ پریس کلب الیکشن کا اعلان خوش آئند ہے: اطہر سلطان مغل

ہر ورکر صحافی پریس کلب کی رکنیت کا اہل ہے۔ صدر گلوبل یونین آف جرنلسٹس، ہم پریس کلب کے حوالے سے ہر مثبت پیش رفت کا خیر مقدم کریں گے۔ خصوصی بیان



گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) گلوبل یونین آف جرنلسٹس گوجرانوالہ کے صدر مرزا اطہر سلطان مغل نے کہا ہے کہ پریس کلب کے انتخابات کا اعلان خوش آئند ہے لیکن اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ ہر ورکر صحافی کو پریس کلب کی رکنیت کا اہل قرار دے کر الیکشن میں حصہ لینے کا موقع دیا جائے۔ اس سلسلے میں حتمی و ابتدائی جیسی شرط شامل نہ ہو بلکہ صحافی حضرات کی برسوں کی پیشہ وارانہ محنت کو مدنظر رکھا جائے۔ پیراشوٹرز کو الیکشن کے عمل سے دور رکھا جائے۔ ہمیں یقین ہے کہ شفاف الیکشن کے انعقاد سے ایک شفاف قیادت سامنے آئے گی جو گوجرانوالہ پریس کلب کے کھوئے ہوئے مقام کو بحال کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پریس کلب سب صحافیوں کا مشترکہ گھر ہے اور اس گھر میں کسی مخصوص گروپ کی بالادستی تسلیم نہیں کی جائے گی۔ اس سے قبل ایسے عوامل سے بہت نقصان پہنچا اور پریس کلب غیر فعال ہو کر رہ گیا تھا۔ یہی نہیں بلکہ حقیقی ورکر صحافی برسوں تک اپنی حقیقی شناخت سے محروم رہے اور کہی تو دنیا سے منہ موڑ چکے ہیں۔ لیکن اب وقت بدل چکا ہے۔ پریس کلب کی رکنیت کو عام کیا جائے اور من پسند افراد کی بجائے خالص صحافی دوستوں کو ساتھ ملایا جائے۔ الیکشن 2025 پریس کلب کی حالت کو تبدیل کرنے میں نہ صرف اہم کردار ثابت ہوں گے بلکہ ایک نئے جمہوری دور کا آغاز ہوگا۔ گلوبل یونین آف جرنلسٹس ہر مثبت تبدیلی کی حمائت کرے گی اور شفاف جمہوری اقدار کا خیر مقدم کرے گی۔

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

غزہ پر قبضے کا منصوبہ

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سعودی عرب اور خلیجی ریاستوں کا چار روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد واشنگٹن واپس پہنچ چکے ہیں۔ اس دورہ کے دوران تینوں عرب ممالک نے امریکہ میں کئی سو ارب ڈالر سرمایہ کاری کرنے کے علاوہ مہنگا امریکی اسلحہ اور عسکری سروسز خریدنے کے معاہدے کیے ہیں۔ اس دوران تمام شان وشوکت اور ایک دوسرے کی توصیف میں کہے گئے کلمات کے باوجود غزہ کے حوالے سے کوئی پیش رفت دیکھنے میں نہیں آئی۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک تقریر میں غزہ کے باشندوں کی صورت حال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ضرور یہ کہا کہ جب تک وہاں سے اسرائیل پر حملے کرنے اور لوگوں کو اغوا کرنے کا سلسلہ بند نہیں ہوتا، اس وقت تک اس مسئلہ کا کوئی مناسب حل تلاش کرنا ممکن نہیں ہے۔ لیکن بدقسمتی سے ان کے عرب میزبان مہر بہ لب رہے۔ اس دوران غزہ کے بارے میں امریکی منصوبے اور اس کے متبادل عرب منصوبے کے حوالے سے بھی کوئی مباحث سامنے نہیں آئے۔ حیرت انگیز طور پر اسرائیل جیسی بڑی عسکری قوت غزہ کے چوبیس لاکھ باشندوں کو ہلاک کرنے کے لیے دن رات فوجی کارروائی کر رہی ہے اور روزانہ کی بنیاد پر درجنوں افراد جاں بحق ہو رہے ہیں۔ صورت حال اس حد تک سنگین ہو چکی ہے کہ چھوٹے بچے یہ کہنے لگے ہیں کہ ہماری دعا ہے کہ کوئی اسرائیلی بم انہیں ہلاک کردے تاکہ وہ اس تکلیف دہ زندگی سے نجات پاسکیں۔ لیکن عرب ممالک ہی کیا، دنیا بھر کا ضمیر خاموش ہے۔ 13 مئی کو صدر ٹرمپ کے عرب ملکوں کا دورہ شروع ہونے سے ایک روز پہلے امریکہ نے حماس کے ساتھ براہ راست ڈیل کرتے ہوئے 21 سالہ اسرائیلی امریکی ایدان الیگزنڈر کو رہا کرایا تھا۔ وہ ٹرمپ کے ریاض پہنچنے سے ایک دن پہلے رہا ہو کر تل ابیب پہنچا۔ اس طرح امریکہ نے پہلی بار حماس کے ساتھ براہ راست بات چیت کے ذریعے کوئی رعایت حاصل کی ہے۔ مبصرین اسے ایک ایسا امریکی اقدام قرار دے رہے ہیں جو نیتن یاہو کی حکومت سے بالا ہی بالا کیا گیا ہے۔ یوں اس تنازعہ میں پہلی بار یہ اشارہ سامنے آیا ہے کہ کسی معاملہ پر امریکہ نے اسرائیل کی پالیسی کو نظر انداز بھی کیا ہے لیکن فلسطینی مسئلے کے بارے میں اس کی عملی اہمیت نہ ہونے کے برابر رہی ہے۔ تین عرب ملکوں کے دورہ کے دوران صدر ٹرمپ اسرائیل بھی نہیں گئے۔ اسے بھی اسرائیلی وزیراعظم کی حکومت کے لیے سخت امریکی اشارہ سمجھا جا رہا ہے۔ دوسری طرف اسرائیلی حکومت نے باقی ماندہ یرغمالیوں کی رہائی کے لیے غزہ پر ایک وسیع حملہ کا پروگرام بنایا تھا۔ وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے ٹرمپ کے مشرق وسطیٰ آنے سے پہلے ہی اس عسکری منصوبے کا اعلان کیا تھا لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا گیا تھا کہ اسرائیلی فوج امریکی صدر کی مشرق وسطیٰ سے واپسی کے بعد غزہ میں پیش قدمی کرے گی۔ آج یہ فوجی آپریشن شروع کر دیا گیا ہے۔ اس دوران دوحہ میں حماس کے ساتھ اسرائیل کے بالواسطہ مذاکرات شروع ہوئے تھے تاکہ جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی پر کوئی اتفاق رائے ہو سکے لیکن فریقین کسی معاہدے پر پہنچنے میں ناکام رہے۔ نئے اسرائیلی فوجی آپریشن کے نتیجے میں بظاہر اسرائیل باقی ماندہ یرغمالیوں کو رہا کرانا چاہتا ہے اور اس کی خواہش ہے کہ حماس کے سب جنگ جوؤں کو ہلاک کر دیا جائے۔

دوسرا رخ

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ جنہوں نے سیز فائر کا اعلان کیا اور اس بات کا کریڈٹ لے رہے ہیں کہ انہوں نے دو ایٹمی طاقتوں کے درمیان آ کر دنیا کو ایٹمی جنگ اور اس کی تباہ کاریوں سے بچا لیا وہی ٹرمپ اور امریکہ جو اس جنگ پر ذرہ برابر بھی توجہ نہیں دے رہے تھے اور اسے دو ملکوں کا آپسی معاملہ کہہ کر نظر انداز کر رہے تھے جن کا کہنا تھا کہ یہ لوگ پندرہ سو سال سے لڑ رہے ہیں تو اب بھی لڑتے رہیں اچانک ایسا کیا ہوا کہ ٹرمپ کے دل میں اس خطے اور اس کے لوگوں کی محبت جاگ اٹھی

امریکہ کا اس انڈیا/ پاکستان کشیدگی سے کوئی تعلق نہیں تھا، کم از کم شروعات میں یہی کہا گیا جیسا کہ جی ڈی وینس نے دعویٰ کیا۔ لیکن پھر کچھ بدل گیا۔ اچانک ٹرمپ نے مداخلت کی، بحران کو ختم کیا، اور فوری سیز فائر کا اعلان کر دیا، جس کے نتیجے میں بھارت عالمی سطح پر شرمندہ ہوا اور اپنی ساکھ کھو بیٹھا۔

آخر غلط کیا ہوا کچھ ایسا ہوا جس نے مغرب کو ہلا کر رکھ دیا آیئے تصویر کا دوسرا رخ دیکھنے کی کوشش کرتے ہیں میرا ماننا ہے کہ دو بڑی چیزیں ان کے لیے خطرہ بن گئیں پہلا چین کی فوجی ٹیکنالوجی نے دنیا میں تہلکہ مچا دیا۔ جب پاکستان نے چینی ساختہ PL-15 میزائل اور JF-17 بلاک 3 طیارے استعمال کر کے بھارتی رافیلز کو مار گرایا، تو چینی ڈیفنس اسٹاکس میں دھماکہ ہو گیا! JF-17 اور J-10C بنانے والی کمپنی AVIC Chengdu Aircraft Corporation



کے شیئرز صرف دو دن میں 36% بڑھ گئے عالمی سرمایہ کاروں نے سمجھ لیا کہ چین کی ہتھیار سازی مغربی ٹیکنالوجی کے مقابلے میدانِ جنگ میں کامیاب ہوئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ امریکی اور اسرائیلی اسلحہ ساز معاہدوں کو عالمی سطح پر خطرہ لاحق ہو گیا۔ یہ جنگ صرف پاکستان بمقابلہ بھارت نہیں تھی، یہ چینی بمقابلہ مغربی فوجی ٹیکنالوجی بھی تھی۔ پاکستان نے، اپنے قریبی اتحادی چین کے لیے، دنیا کو ایک لائیو ڈیمو دے دیا اور وہ کامیاب رہا۔ دوسری طرف، اسرائیل نے بھارت کی حمایت کی، اور بھارت نے پاکستانی اہداف کے خلاف اسرائیلی 77 ہاروپ ڈرونز استعمال کیے۔ یہ ڈرونز نہ صرف خبروں کی زینت بنے بلکہ مسلمان دنیا میں اسرائیل مخالف جذبات کو بھی بھڑکایا خاص طور پر کشمیر اور پاکستان میں۔ یوں پاک-بھارت جنگ نے ایک اور رنگ پکڑا: ''ہندو-یہودی اتحاد'' بمقابلہ مسلمان۔

یہ مغرب کے لیے دوہرا خطرہ تھا:

1. چین کی فوجی طاقت دنیا کی توجہ حاصل کر گئی

2. اسرائیل کی ساکھ خطرے میں آ گئی، جسے امریکہ برداشت نہیں کر سکتا تھا۔

دوسرا دھچکا امریکہ کو تب لگا جب پاکستان نے ایک چالاک قدم اٹھایا ذرائع کے مطابق، پاکستان کے جنگی ہیڈ کوارٹر سے جان بوجھ کر ایک مخصوص میٹنگ کی تفصیل لیک کی گئی جس میں یہ بحث کی گئی کہ چونکہ بھارت کو اسرائیل کی حمایت حاصل ہے، اس لیے پاکستان کو اسرائیل کے خلاف براہ راست کارروائی کا حق حاصل ہے۔ یعنی پاکستان ایک ایٹمی طاقت ہونے کے ناطے چین کے سائے میں اسرائیل کو ہدف بنانے کی بات کھلے عام کرنے لگا۔ یہ وہ ریڈ لائن تھی جو امریکہ نہیں چھو سکتا تھا۔

انہیں فوری طور پر کشیدگی کم کرنی پڑی، اور یہی انہوں نے کیا یہ کہتے ہوئے کہ دنیا کو ایٹمی جنگ نہیں چاہیے۔ تو پھر امریکہ نے سیز فائر کے فوراً بعد کیا کیا جب دنیا کی توجہ سیز فائر اور سوشل میڈیا پر تھی، ایک اہم میٹنگ جنیوا میں ہوئی اچانک امریکہ اور چین تجارتی مذاکرات میں بیٹھ گئے اور صرف چند گھنٹوں میں:

1. امریکہ نے ٹیرف 145% سے کم کر کے 30% کر دیے

2. چین نے ٹیرف 125% سے کم کر کے 10% کر دیے 600 .3 ارب ڈالر کی تجارتی پابندیاں ختم ہو گئیں اب آپ سمجھ گئے یہ سب کچھ اس لیے ہوا کیونکہ پاکستان نے میدانِ جنگ میں نہ صرف خود کو ثابت کیا بلکہ عالمی طاقتوں کو بھی جھنجھوڑ کر رکھ دیا۔ پاکستان نے صرف ایک جنگ نہیں جیتی، اس نے دنیا کو یاد دلایا کہ وہ اب بھی میز پر موجود ہے۔ اسی لیے، بھارت کے تمام دعوؤں، سیاسی انتشار، اور معاشی بحران کے باوجود پاکستان کی اہمیت کم نہیں ہو سکی جنوبی ایشیا میں طاقت کا توازن بھارت کے حق میں نہیں رہا پاکستان کی اہمیت مسلمہ ہے

پاکستان پہلے بھی اہم تھا
پاکستان اب بھی اہم ہے۔
پاکستان ہمیشہ اہم رہے گا۔

ششی تھرور کا دورۂ امریکا اور اقوامِ متحدہ

تحریر: نصرت جاوید

امریکی صدر کی کہی بات چند ہی برس قبل تک تقریباً حرفِ آخر تصور ہوتی تھی۔ عراق اور افغانستان پر جنگیں مسلط کرنے کے لیے دنیا کی واحد سپر طاقت نے لیکن جو جواز گھڑے انھوں نے امریکی ساکھ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا اور پھر آ گئے ڈونلڈ ٹرمپ۔ موصوف کی شخصیت نے امریکی صدر کے رعب داب کو بے تحاشا جھٹکے دیے ہیں۔ یہ کہنے کے باوجود تسلیم کرنا ہوگا کہ اقتصادی ہی نہیں بلکہ فوجی اعتبار سے بھی امریکا فی الوقت دنیا کی سب سے بڑی قوت ہے اور اس کے صدر کی بات کو اہمیت دینا مجبوری ہے۔ خوش قسمتی سے پاکستان کے لیے یہ مجبوری کام آ رہی ہے۔ 10 مئی 2025 کے دن سے ٹرمپ سوشل میڈیا پر اپنے پیغامات اور عالمی ٹیلی وژن اداروں کو انٹرویو دیتے ہوئے یہ بات مسلسل دہرا رہے ہیں کہ پہلگام پر ہوئے دہشت گرد حملے کے جواب میں 6 اور 7 مئی کی درمیانی رات بھارت نے پاکستان پر جو حملہ کیا اس کا جواب آیا تو وہ اور ان کے معاونین 9 مئی کی رات سو نہیں پائے۔ پاکستان اور بھارت کی سیاسی اور عسکری قیادت سے مستقل رابطے میں رہے اور بالآخر انھیں ایٹمی جنگ کی طرف بڑھنے سے روک دیا۔ 10 مئی سے مستقل یہ اطلاع دیتے ہوئے بھی ڈونلڈ ٹرمپ دنیا کو چونکا نہیں پائے ہیں۔ یورپ بدستور اپنے داخلی مسائل میں الجھا ہوا ہے۔ روس کی توجہ یوکرین کو تھلے لگانے پر مرکوز ہے اور غزہ اس عالم میں یک وتنہا ہوا اسرائیل کی وحشیانہ فضائی بمباری کی اذیت سے گزر رہا ہے۔ بااثر عالمی میڈیا میں بھی ایسی تفصیلات فکرمندی سے اجاگر نہیں ہوئیں جو دنیا کے اہم ترین ممالک کو اعتبار دلائیں کہ پاکستان اور بھارت واقعتاً رواں صدی کی پہلی ایٹمی جنگ کے دہانے تک پہنچ چکے تھے۔ مذکورہ حقیقت کو دل وجان سے تسلیم کر لینے کے بعد ہی نام نہاد عالمی ضمیر یہ جاننے کی کوشش کر سکتا ہے کہ ایٹمی جنگ کے نتیجے میں فقط جنوبی ایشیا کے دو ازلی دشمن ہی تباہ و برباد نہیں ہوں گے۔ تابکاری کے اثرات ان کے ہمسایہ ممالک تک بھی محدود نہیں رہیں گے۔

ٹیکنالوجی کا عذاب

تحریر: ایم سرور صدیقی

1970ء کے عام انتخابات کے دوران پیپلز پارٹی کے ترجمان اخبار نے صفحہ اول پر ایک تصویر شائع کر کے تہلکہ مچا دیا یہ تصویر فلم ''انورا'' میں اداکارہ نغمہ کی تھی جو ایک مشہور گانے ۔۔سن وے بلوری اکھ والیا پر ڈانس کر رہی تھی اخبار نے کمال مہارت سے اداکارہ نغمہ کے چہرے پر مولانا مودودیؒ کا چہرہ چسپاں کر دیا اس وقت آج کے دور کی طرح ٹیکنالوجی کا دور دورہ نہیں تھا اخبار نے ایک ممتاز عالم دین کے ساتھ جو سلوک کیا وہ تو قابلِ مذمت ہے لیکن لوگوں نے مزہ بہت لیا جیالے جہاں کہیں جماعت اسلامی کے کارکنوں یا مولوی حضرات کو دیکھتے سن وے بلوری اکھ والیا کی پھبتی کستے اور نو دو گیارہ ہو جاتے پاکستان کی تاریخ میں یہ پہلی فیک تصویر تھی جو بہت مقبول ہوئی اب تو کمپیوٹر کا دور ہے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی بیشتر پوسٹوں کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ فیک ہوتی ہیں اس جعلسازی نے معاشرے میں بہت سے مسائل پیدا کر کے رکھ دیئے ہیں آسان الفاظ میں اسے ٹیکنالوجی کا عذاب بھی کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا حالانکہ ہر انسان دوسرے سے مختلف ہے۔ جو میں ہوں، وہ آپ نہیں ہو سکتے، لیکن ڈیپ فیک سے تصویر، آواز اور وڈیو میں ردوبدل کر کے ''میں اور ''آپ کی تمیز ختم کر دی جاتی ہے۔ خیال آتا ہے کہ یہ کام صرف ماہرین کرتے ہوں گے۔ جی نہیں، اب زیادہ مہارت کی ضرورت بھی نہیں رہی۔ ڈیپ فیک وڈیوز بنانے کے لئے کمپیوٹر اور انٹرنیٹ تک رسائی ہی کافی ہے۔ ڈیپ فیک کی اصطلاح 2017ء کے اواخر میں ''ریڈ اِٹ کے یوزر نیم ''ڈیپ فیکس سے اخذ کی گئی۔ اس نے اور دیگر نے انٹرنیٹ کی ''ریڈ اِٹ کمیونٹی میں اپنے تخلیق کردہ ڈیپ فیک شیئر کرنا شروع کر دیئے۔ ان میں فلمی ستاروں کے چہروں کو کسی دوسرے جسم کے ساتھ چسپاں کر دیا جاتا تھا۔ اس عمل میں جعلی فحش وڈیوز بھی بنائی جاتی ہیں۔ وڈیوز کی جعل سازی کی جڑیں تصاویر کی ہیرا پھیری میں پیوست ہیں۔ جس دور میں تصاویر ''نیگیٹوز سے بنائی جاتی تھیں، ان میں بھی ایسا ہوتا تھا، لیکن ڈیپ فیک کو نئی اور طاقت ور تکنیکوں کا سہارا میسر ہے لہٰذا اس میں کام زیادہ باریکی سے ہوتا ہے۔ مشین لرننگ، مصنوعی ذہانت کی ذیلی شاخ ہے جس کی مدد سے ڈیپ فیک وڈیوز بنائی جاتی ہیں اور بصری وسمعی مواد کو اس طرح بدلا جاتا ہے کہ اصل اور نقل میں فرق کرنا انتہائی دشوار ہو جاتا ہے۔ حالیہ عرصے میں، بالخصوص مغرب میں، ڈیپ فیک کی جانب توجہ مبذول ہونے کا سبب فلمی ستاروں، فحش فلموں، جعلی خبروں، افواہوں اور مالی فراڈ میں اس کا استعمال ہے۔ اس سے سیاست بھی متاثر ہو رہی ہے کیونکہ کسی سیاسی رہنما یا نامور شخصیت کے منہ سے کچھ بھی نکلوایا جا سکتا ہے۔ 1860ء کی

ایک اٹوٹ تھریڈ: ماں بیٹی کی محبت کی ٹیپسٹری



تحریر: کنول جلال

ماں اور بیٹی کا رشتہ ایک انوکھی اور طاقتور قوت ہے، ایک نازک لیکن لچکدار دھاگہ جو زندگی کی ٹیپسٹری میں بُنا جاتا ہے۔ یہ ایک ایسا رشتہ ہے جو وقت کے ساتھ تیار ہوتا ہے، بدلتا ہے اور گہرا ہوتا ہے، جس میں شدید حفاظت، نرم افہام وتفہیم، مشترکہ ہنسی اور بعض اوقات ناگزیر ٹرگر کے لمحات ہوتے ہیں۔ پھر بھی، اس کے مرکز میں، ایک پائیدار محبت ہے جو ان کی دونوں دنیاؤں کو گہرے طریقوں سے تشکیل دیتی ہے۔ جس لمحے سے ایک بیٹی دنیا میں آتی ہے، وہ اکثر اپنی ماں کی غیر متزلزل نگاہوں میں جھکی رہتی ہے۔ یہ ابتدائی تعلق، جبلت اور پرورش پر بنایا گیا ہے، زندگی بھر کے جذباتی تبادلے کی بنیاد رکھتا ہے۔ ماں پہلی استاد، پہلی معتمد، پہلی محفوظ بندرگاہ ہے۔ وہ نہ صرف عملی مہارتیں بلکہ اقدار، عقائد اور خود کا احساس بھی فراہم کرتی ہے۔ سونے کے وقت کی کہانیوں، سرگوشیوں والے رازوں اور مشترکہ تجربات کے ذریعے، وہ اپنی بیٹی کی اندرونی دنیا کے منظر نامے کو پینٹ کرتی ہے۔ جیسے جیسے بیٹی بڑی ہوتی ہے، رشتہ آزادی اور تعلق کے ایک پیچیدہ تعامل میں کھلتا ہے۔ جوانی چیلنجوں کا اپنا حصہ لے سکتی ہے، کیونکہ بیٹی خود کو دریافت کرنے کے راستے پر گامزن ہوتی ہے اور ماں خود مختاری کو دبائے بغیر رہنمائی پیش کرتے ہوئے اسے چھوڑنا سیکھتی ہے۔ پھر بھی، نوعمروں کی بغاوت یا مختلف آراء کے درمیان بھی، محبت کا بنیادی دھارا برقرار ہے۔ یہ رات گئے کی بات چیت، جاننے والی نظریں، غیر کہی ہوئی سمجھ میں ہے جو الفاظ سے بالاتر ہے۔ اس بندھن کی خوبصورتی اس کی کثیر جہتی فطرت میں پنہاں ہے۔ ایک ماں ایک زبردست وکیل ہو سکتی ہے، جو اپنی بیٹی کے کونے میں اٹل کھڑی ہے۔ وہ ایک نرم ہاتھ بھی ہو سکتی ہے، جو دل ٹوٹنے کے دوران سکون اور غیر یقینی صورتحال کے وقت مستقل موجودگی پیش کرتی ہے۔ ایک بیٹی کے لیے، اس کی ماں ایک رول ماڈل، الہام کا ذریعہ، اور مسلسل بدلتی ہوئی دنیا میں واقفیت کا ایک پنچ اسٹون ہو سکتی ہے۔ جیسے جیسے سال گزرتے جاتے ہیں کردار ٹھیک ٹھیک بدل سکتے ہیں۔ بیٹیاں اپنے آپ کو اپنی بوڑھی ماؤں کی دیکھ بھال کرتی ہوئی محسوس کر سکتی ہیں، پرورش کی جبلت پورے دائرے میں آتی ہے۔ مشترکہ تاریخ، جمع شدہ یادیں، اور گہری بیٹھی محبت ایک ایسا بندھن بناتی ہے جو وقت اور حالات کی آزمائشوں کا مقابلہ کرتی ہے۔ یقیناً، کسی بھی رشتے کی طرح، ماں بیٹی متحرک ہمیشہ ہموار نہیں ہوتی ہے۔ غلط فہمیاں، اختلاف اور دوریاں ہو سکتی ہیں پھر بھی، اس محبت کی طاقت اکثر ان چیلنجوں کو نیویگیٹ کرنے، معاف کرنے، اور ایک دوسرے کے پاس واپس جانے کا راستہ تلاش کرنے میں مضمر ہے۔ مشترکہ ڈی این اے، آپس میں جڑی ہوئی زندگیاں، ایک طاقتور کھینچا تانی پیدا کرتی ہیں جو اکثر عارضی دراڑوں سے بالاتر ہوتی ہے۔ بالآخر، ماں اور بیٹی کے درمیان محبت ایک قیمتی تحفہ ہے۔ یہ طاقت، سکون اور اٹل حمایت کا ذریعہ ہے۔ یہ ایک ایسا بندھن ہے جو شناخت کو تشکیل دیتا ہے، لچک کو فروغ دیتا ہے، اور دونوں کے دلوں پر انمٹ نشان چھوڑتا ہے۔ یہ خاندان کی پائیدار طاقت اور دو روحوں کے درمیان گہرے تعلق کا ثبوت ہے جو ایک منفرد اور اٹوٹ دھاگے کا اشتراک کرتے ہیں۔

جہاں خاموشی اشکال بنتی ہے

تحریر: نصیر سومرو، کراچی

کائلاش۔ وہ مقام جہاں وقت گھٹنوں کے بل بیٹھتا ہے، اور خیال، خاموشی کی گود میں پلتے ہیں۔ یہاں نہ پتھر بے جان ہیں، نہ ہوا محض چلتی ہے۔ ہر شے سننے اور سنانے کی طاقت رکھتی ہے۔ اور ان دنوں، وہاں چشمہ جاودان کی طرف جانے والے زینے پر چراغوں کی روشنی پھیل رہی تھی۔ وہی چراغ جو صرف سچ کی تلاش میں جلتے ہیں۔ وہاں جہاں پانی روشنی سے زیادہ شفاف ہے، اور ہر قطرہ گرتے ہوئے ایک نیا خیال جنم دیتا ہے۔ یہ چشمہ وقت کی سرحدوں سے باہر ہے، گویا کوئی کائناتی راز ہو، جو جدلیات کی آگہی سے کھلتا ہو۔ استھان کے پتھریلے دائرے میں، پانچوں شاگرد بیٹھے تھے۔ سب کی نگاہیں چشمے کی سطح پر تھیں، جہاں بروک کا عکس تھرتھرا رہا تھا۔

لیلی نے آنکھیں موند کر کہا:

چشمے کی ہر بوند، ایک زوال کا سفر ہے۔ اینٹروپی ہر شے کو تحلیل کرتی ہے۔ بروک، چاہے کتنا ہی بلند ہو، انجام میں اسے بکھرنا ہی تھا۔ اگاتھا نے پانی میں ایک کنکر پھینکا، اور اس کے ارتعاش کو دیکھتے ہوئے بولی:

مگر بکھرنے میں بھی پیغام ہے۔ جو بکھرتا ہے، وہ نئے دائرے بناتا ہے۔ چشمہ جاودان نے کبھی رکنا نہیں سیکھا۔ الیاس نے چٹان پر لکیریں کھینچتے ہوئے کہا:

بروک کی گونج، اس کے خاموش ہونے کے بعد گونجی۔ خوبصورتی، اس لمحے میں تھی جب اس نے سب کچھ چھوڑ دیا۔ اور پھر بھی باقی رہا۔ نام کی آنکھوں میں تڑپ تھی، اس نے زور سے کہا: کچھ بھی کہو، مگر بقا ہی زندگی کا جوہر ہے۔ اگر بروک نے خود کو سنبھالا نہ، تو چشمے کی روشنی بھی ماند پڑ جائے گی۔ ہمیں دوبارہ تعمیر کرنا ہوگی۔

پھر میرا خاموشی سے اٹھی۔ اس کی ہتھیلی پر روشنی کی ایک کرن پڑی، جس میں چشمے کی رنگین دھاریاں جھلکنے لگیں۔ وہ بولی: اگر کائنات تبدیلی میں ہے، تو بکھرنا بھی ایک تخلیق ہے۔ گویا بروک، اس چشمے میں مسکرا کر ہمیں دیکھ رہا ہو۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ کھیل ختم نہ ہوا ہو، بلکہ نیا راؤنڈ شروع ہونے کو ہو۔ یہ سنتے ہی چشمہ جاودان کی سطح پر ایک ہلکا طوفان سا اٹھا، یوں لگا کہ پانی نے مکالمے کو جذب کر لیا ہو۔

پھر، صاحبِ وقت آئے۔

سفید لبادہ، پیشانی پر وقت کی جھریاں، اور لبوں پر وہ مسکراہٹ جو رازوں کی چابی ہوتی ہے۔

انہوں نے چشمے کی طرف دیکھا اور کہا:

تم نے بروک کو صرف اس کے زوال میں پہچانا، مگر چشمہ اس کا آئینہ ہے۔

لیکن، تم نے اس کی سائنس کو سمجھا۔

اگاتھا، تم نے اس کی روح کو محسوس کیا۔

الیاس، تم نے اس کی شکست سے شاعری کشید کی۔

ٹام، تم نے اس کی بنیادوں کو تھاما۔

میرا، تم نے اس کی ہنسی کو جاوداں کیا۔

مگر بروک تم میں بستا ہے۔ چشمہ جاودان، تمہاری آنکھوں سے بہتا ہے۔

بروک بکھرنے والا نہیں۔ وہ مکالمہ ہے، وہ اشکال ہے، وہ وہی ہے جو تم سب کے بیچ اب بھی زندہ ہے۔

اور یہی جدلیات۔ یہی ہے زندگی کا راز۔

پانی کی سطح پر ایک لہر اٹھی، اور چراغ کی لو تھوڑی سی جھلملائی۔

افسانہ ختم نہیں ہوا بلکہ آنکھوں میں ایک اور اشکال چھوڑ گیا،

پاک فوج دفاع سے جواب کی جانب

دو سال پیشتر بھارت کی ایک بہادر مسلمان طالبہ مسکان نے حجاب کے خلاف پوری دنیا کا منظر نامہ ہی بدل کر رکھ دیا اسلام کا بنیادی نکتہ ہے کہ عورت کی پردے میں رہنے میں ہی عافیت ہے مغرب میں بھی حجاب کو بنیاد بنا کر اکثر مسلمان خواتین کو تعصب کا نشانہ بنایا جاتا ہے اس تناظر میں مختلف لوگوں کا نقطۂ نظر مختلف ہو سکتا ہے لیکن اصل بات یہ ہے کہ پردہ ہی عورت کے تحفظ کی علامت ہے اسلام نے خواتین کو پردے کا حکم اسی لئے دیا ہے ایک سابقہ صدر جنرل پرویز مشرف پاکستانی معاشرے کو لبرل بنانا چاہتے تھے اسی ضمن میں انہوں نے بہت سے اقدامات بنائے، قانون سازی بھی کی لیکن کمال حیرت یہ ہے ایک اور حکمران سابقہ وزیر اعظم عمران خان کا یہ کہنا تھا کہ مرد کوئی روبوٹ نہیں، اگر عورت کپڑے کم پہنے گی تو اس کا معاشرے پر اثر تو ہوگا اسی لئے حجاب کو فروغ دیا جائے۔ امریکی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے عمران خان کا موقف تھا کہ ہمارے ملک میں ڈسکو یا نائٹ کلب نہیں ہیں، یہ ایک مکمل طور پر مختلف معاشرہ ہے جب آپ لوگوں کو اکسائیں گے تو ان نوجوانوں کے پاس جانے کے لئے کوئی جگہ نہیں ہوگی تو پھر اس کے نتائج ہوں گے۔ اس سوال پر کہ کیا واقعی خواتین کے لباس کا چناؤ ان پر جنسی تشدد کی وجہ ہے؟ اس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کس طرح کے معاشرے میں رہتے ہیں۔ مرد کوئی روبوٹ نہیں ہے، اگر عورت کپڑے کم پہنے گی تو اس کا اثر تو ہوگا۔ اس لئے جنسی جرائم کی روک تھام کیلئے معاشرے کے ہر طبقے کو کردار ادا کرنا ہوگا۔ ہمیں میڈیا کے ذریعے نوجوان نسل کو بہتر معاشرے کی تشکیل کیلئے تیار کرنا چاہیے۔ فلموں اور ڈراموں کا اثر معاشرے کے عمومی رویے پر ہوتا ہے۔ پاکستانی خواتین کو لباس دھیان سے پہننا چاہئے، اسلام صرف عورت کے حجاب پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ حجاب کے احکامات مردوں کو عورتوں سے پہلے دیئے گئے۔ وزیراعظم کی باتوں سے انکار محال ہے لیکن بلاشبہ ملکی آئین اپنی مرضی کا لباس پہننے کی اجازت دیتا ہے مگر پاکستانی خواتین کو اپنے امیج، اخلاقیات، روایات اور حدود کا خیال رکھنا چاہئے۔ شلوار قمیض بہترین لباس ہے۔ تاہم ایسا لباس منتخب کرنا چاہئے جس میں بے حیائی بالکل نہ ہو انسان اور حیوان میں بنیادی فرق ہی لباس کا ہے۔ تاہم سورہ نور میں پہلے مردوں کو ہی حکم دیا گیا ہے کہ خواتین سے پردے کے پیچھے سے خطاب کریں۔ نظریں نیچی کرنے اور اپنی حیا کی حفاظت کریں۔ عورتوں کو احکام بعد میں آتے ہیں۔ گویا مرد اور عورت دونوں حجاب کے مخاطب ہیں اسلام صرف عورت کے لباس پر بات نہیں کرتا بلکہ حجاب کے جتنے احکام سورہ نور اور سورہ احزاب میں آئے ہیں انکا خطاب سب سے پہلے مردوں سے ہے۔ کچھ خواتین کا ردِ عمل شدید تھا ان کی دلیل یہ ہے کہ جنسی تشدد کی شکار عورت پر نامناسب لباس کا الزام تو لگایا جا سکتا ہے مگر ان کمسن بچوں کے بارے میں کیا کہیں گے جو جنسی تشدد کا نشانہ بن رہے ہیں۔ اگر یہی بات ہے تو ریپ آرڈیننس کیوں لایا گیا؟ جبکہ عورتوں کے تحفظ اور ہراسمنٹ کے حوالے سے قوانین موجود ہیں تو پھر ڈریس پر بات کرنا مناسب نہیں۔ ایسی باتیں کرنے والوں نے گویا تسلیم کر لیا ہے کہ معاشرے میں ثقافتی گھٹن بہت زیادہ ہے جس کی وجہ سے مردوں کی فرسٹریشن عورتوں کے استحصال کا سبب بن رہی ہے اور اب بڑھتے بڑھتے انتہائی کم عمر بچوں تک بھی آ گئی ہے جس کی بناء پر معصوم بچوں کو درندگی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ان حالات میں تو اگر عورتوں کو گھروں میں زنجیریں بھی ڈال دیں تو بھی اس قسم کے واقعات ہوتے رہیں گے۔ ایک خاتون کی رائے میں چھوٹے چھوٹے بچے بچیاں جس انداز سے درندگی کا شکار ہو رہی ہیں اس میں تو لباس کا کوئی مسئلہ نہیں ہوتا۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ عورتوں اور بچوں کے تحفظ کیلئے موجود قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے مجرم کو پکڑنے کی بجائے جنسی تشدد کی شکار عورت پر نامناسب لباس پہننے کا الزام عجب منطق ہے حالانکہ بچوں کے ساتھ زیادتی کے بڑھتے ہوئے واقعات کا کپڑوں سے کوئی تعلق نہیں۔ اس طرح کے بیانات سے خواتین اور بچے مزید خطرے میں پڑ رہے ہیں اس حوالے سے ہمارے قوانین واضح ہیں کہ خواتین کا احترام دیکھنے والے کی ذمہ داری ہے کسی مرد کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ لباس کو عورتوں پر تشدد اور جرائم کی وجہ قرار دے ایسے بیان غیر ذمہ دارانہ اور قابل مذمت ہیں کیا وہ اس طرح کے بیانات سے مجرموں کو جواز فراہم کر رہے ہیں۔ جنسی زیادتی میں خواتین کا کوئی اقدام نہیں ہوتا بلکہ یہ مجرمانہ ذہنیت کے حامل افراد کا ناپاک فیصلہ ہوتا ہے ایسے بیانات ناکامی کا اعتراف ہے وہ خواتین پر تشدد کرنے والوں یا ایسے جرائم کا ارتکاب کرنے والوں کو روکنے میں ناکامی پر ایسا جواز پیش کر رہے ہیں جسے کوئی ماننے کے لئے تیار نہیں ہے۔ کیا دیہات میں ہونے والے جرائم کی وجہ بھی لباس ہے یہ تو جرائم پیشہ افراد کی حوصلہ افزائی کرنے والی بات ہے کہ درندوں کو سزا دینے کی بجائے عورتوں پر شرمناک الزام لگا دیا جائے سوچنے کی بات یہ ہے کہ جو بچیاں پردے میں ہوتی ہیں، ان کے ساتھ زیادتی کا ذمہ دار کون ہے؟ افسوس ایسا کہنے والے یہ نہیں جانتے کہ معاملے کی نزاکت کیا ہے۔ جب تک معاشرے میں ایسی ذہنیت والے مرد ہیں، عورتیں بالکل بھی محفوظ نہیں اگر صرف لباس کو بنیاد بنایا جائے تو کیا خواتین کھیلوں میں حصہ لینا چھوڑ دیں۔ کیا یہاں بھی لباس کو خواتین کے خلاف جرائم کی وجہ بنایا جائے گا۔ ہمیں مسائل حل کرنے کے بجائے عذر تلاش کرنے میں زیادہ دلچسپی رہتی ہے۔ حکومت کی ذمہ داری خواتین کو تحفظ فراہم کرنا ہے اگر حکومت تحفظ کی فراہمی میں ناکام ہے تو پھر ایسے دلائل سے ایک بحث کا آغاز تو کیا جا سکتا ہے لیکن کوئی مثبت کام ممکن نہیں ہے ایسے دلائل سے مجرموں کی حوصلہ افزائی ہوگی نا مناسب لباس کے بارے میں ہر شخص کا نقطۂ نظر اور دلائل سے اتفاق کریں یا اختلاف



جوش ملیح آبادی، ڈاکٹر رشید جہاں اور آج کی اداکارائیں

تحریر: ڈاکٹر طاہرہ کاظمی

اور تو اور عورتوں کی آوازیں اور ان کا وزن بھی پردہ نشیں تھا۔ یعنی کوئی بی بی اس زور سے نہیں بولتی تھی کہ اس کی آواز مردانے میں جائے اور جب کوئی عورت پالکی میں سوار

قوت

SPORTS

شاہد آفریدی کا وادی لیپہ لائن آف کنٹرول کا دورہ

یادگار شہدا پر حاضری، پھول رکھے، لیپہ کرکٹ گراؤنڈ میں نوجوانوں سے ملاقات



وادہ لیپا (این این آئی) دنیا بھر میں اپنی جارحانہ بیٹنگ کے حوالے سے مشہور پاکستان کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے وادی لیپہ لائن آف کنٹرول کا دورہ کیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد خان آفریدی جنہوں نے بھارتی جنگی جنون اور حالیہ پاک بھارت کشیدگی میں مودی کے جنگی جنون کی حمایت کرنے والے سابق بھارتی کرکٹرز کو آئینہ دکھایا اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر انہیں منہ توڑ جواب دیا تھا۔ اب سابق مایہ ناز قومی کرکٹر پاک فوج سے اظہار یکجہتی کے لیے وادی لیپہ پہنچ گئے اور لائن آف کنٹرول کا دورہ کیا

ڈیوڈ وارنر نے پشاور زلمی کیخلاف جیت کا کریڈٹ کس کو دیا؟

جس طرح خوشدل شاہ اور محمد نبی نے فنش کیا یہ حیرت انگیز تھا، میر حمزہ اور حسن نے اچھی بالنگ کی



راولپنڈی (این این آئی) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کے گزشتہ روز کے میچ میں کراچی کنگز نے پشاور زلمی کو 23 رنز سے ہرا کر پلے آف کے لیے کوالیفائی کرلیا۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل کی فرنچائز کراچی کنگز کے کپتان ڈیوڈ وارنر نے میچ کے بعد گفتگو میں کہا کہ میں دوسری ٹیموں کو بتانا چاہتا ہوں کہ ہم یہاں جیتنے آئے ہیں۔ کراچی کنگز کے کپتان نے پشاور کیخلاف کامیابی پر کہا کہ ونس کیساتھ یہی پلان بنایا تھا کہ کنڈیشن سمجھ کر بڑی شراکت بنانا ہے، مجھے اور جیمز کو معلوم تھا کہ یہ ایک اچھی وکٹ ہے، اس لیے ہم نے صرف عام کرکٹ شاٹس کھیلے۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح خوشدل شاہ اور محمد نبی نے فنش کیا یہ حیرت انگیز تھا، میر حمزہ اور حسن علی نے بھی بہت اچھی بالنگ کی، میر حمزہ ہمارے اسٹرائیک باؤلر ہیں

سارہ خان کے اینٹی فیمینز موقف پر سوشل میڈیا پر بحث کا طوفان برپا ہوگیا

میری ذاتی رائے یہ ہے کہ مردوں کو وہ مقام دینا چاہیے جو ان کے لیے مخصوص ہے، سارہ خان



کراچی (این این آئی) سارہ خان کے اینٹی فیمینز موقف پر سوشل میڈیا پر بحث کا طوفان برپا ہوگیا۔ پاکستان کی صفِ اول کی اداکارہ سارہ خان نے حالیہ انٹرویو میں خواتین کے حقوق سے متعلق اپنے خیالات کا اظہار کیا تھا جس پر سوشل میڈیا پر شدید بحث چھڑ گئی ہے۔ معروف ویب پلیٹ فارم کو دیے گئے انٹرویو میں سارہ خان نے خود کے فیمینسٹ نہ ہونے کا دعویٰ کیا اور روایتی صنفی کرداروں کی حمایت کی۔ سارہ خان نے کہا کہ میری ذاتی رائے یہ ہے کہ مردوں کو وہ مقام دینا چاہیے جو ان کے لیے مخصوص ہے تاکہ عورت سکون سے جی سکے، میں خود کو پرانے زمانے کی عورت سمجھتی ہوں، مجھے باہر جا کر لائن میں کھڑے ہو کر بل دینا پسند نہیں، یہ کام میرا شوہر کرسکتا ہے، میں تو گھر پر رہنے والی ہوں۔ اداکارہ نے یہ بھی کہا کہ وہ گھریلو زندگی کو زیادہ ترجیح دیتی ہیں اور مرد کو مرد کی حیثیت سے دیکھنا پسند کرتی ہیں۔ ان کے اس بیان کے بعد انٹرنیٹ پر بحث شدت اختیار کر گئی ہے، کچھ صارفین نے ان کے خیالات کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ سارہ درست اقدار کو فروغ دے رہی ہیں

رشتہ جوڑنے سے پہلے خود کو سنواریں، انمول بلوچ کا مشورہ

میری خبروں میں کوئی صداقت نہیں، اگر ایسا کچھ ہوگا تو میں خود اپنے مداحوں کو ضرور بتائیں گی، اداکارہ



کراچی (این این آئی) معروف اداکارہ اور فیشن آئیکون انمول بلوچ نے حالیہ انٹرویو میں مداحوں کو تعلقات (ریلیشن شپ) سے متعلق قیمتی مشورے دیے ہیں۔ صاف گو انداز اور منفرد فیشن سینس کے لیے مشہور انمول بلوچ کا کہنا ہے کہ کسی بھی رشتے میں قدم رکھنے سے پہلے انسان کو سب سے پہلے اپنے آپ پر توجہ دینی چاہیے۔ انمول بلوچ نے ان خیالات کا اظہار ایک آن لائن پلیٹ فارم پر گفتگو کے دوران کیا، جب ان سے ان کی ذاتی زندگی اور شادی سے متعلق افواہوں پر سوال کیا گیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایسی خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے اور اگر ایسا کچھ ہوگا تو وہ خود اپنے مداحوں کو ضرور بتائیں گی۔ تعلقات سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے انمول نے کہا کہ اگر آپ کسی اچھے رشتے میں جانا چاہتے ہیں، تو سب سے پہلے اپنی ذہنی اور جذباتی کیفیت کو بہتر بنائیں، خود کو سنبھالیں، اپنے جذباتی زخموں کا علاج کریں

پی ایس ایل 10 کے پلے آف میں پہنچنے والی 4 ٹیموں کا فیصلہ ہوگیا

راولپنڈی (این این آئی) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 10 کے پلے آف کی لائن اپ مکمل ہوگئی۔ اتوار کو پی ایس ایل 10 کے 29 ویں میچ میں لاہور قلندرز نے پشاور زلمی کو ہرا کر پلے آف کیلئے کوالیفائی کرلیا جس کے بعد ایونٹ کے اگلے مرحلے میں پہنچنے والی 4 ٹیموں کا فیصلہ بھی ہوگیا۔ راولپنڈی میں کھیلا گیا میچ آندھی اور بارش کے باعث تاخیر سے شروع ہوا اور میچ کو 13 اوورز تک محدود کردیا گیا۔ لاہور قلندرز کے 150 رنز کے ہدف کے تعاقب میں پشاور زلمی کی ٹیم مقررہ 13 اوورز میں 8 وکٹوں پر 123 رنز بنا سکی۔ لاہور نے زلمی کو 26 رنز سے شکست دے کر پلے آف کیلئے کوالیفائی کرلیا۔

بابر نے نئی تاریخ رقم کردی لیگ میں اپنے میچز کی سنچری مکمل کرلی

دوسرے نمبر پر عماد وسیم 98 میچز کھیل رکھے تیسرے نمبر فخر زمان ہیں جنہوں نے 94 میچز کھیل رکھے



راولپنڈی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) میں بابر اعظم نے نئی تاریخ رقم کر دی۔ پی ایس ایل 10 کے 29 ویں میچ میں پشاور زلمی کی قیادت کرنے والے بابر اعظم نے لیگ میں اپنے میچز کی سنچری مکمل کرلی۔ بابر اعظم پی ایس ایل کی تاریخ میں 100 میچز کھیلنے والے پہلے کھلاڑی بن گئے ہیں، دوسرے نمبر پر عماد وسیم ہیں جنہوں نے 98 میچز کھیل رکھے ہیں۔ اس فہرست میں تیسرے نمبر فخر زمان ہیں جنہوں نے 94 میچز کھیل رکھے ہیں جبکہ چوتھی پوزیشن پر محمد رضوان، شعیب ملک اور ریلی روسو 93،93 میچز کے ساتھ برابر جا ہیں۔

راولپنڈی سٹیڈیم میں خصوصی تقریب، پاک فضائیہ کو خراج تحسین پیش

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان سپر لیگ میں لاہور قلندرز اور پشاور زلمی کے درمیان ہونیوالے میچ کے دوران پاک فضائیہ کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے تقریب منعقد کی گئی۔ تقریب میں پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو اور چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سمیت دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ گلوکار ساحر علی بگا اور شجاع حیدر نے شاندار پرفارمنس پیش کی جبکہ شاندار آتش بازی کا بھی مظاہرہ کیا گیا، واضح رہے کہ گزشتہ روز پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے دسویں ایڈیشن کا دوبارہ آغاز کراچی کنگز اور پشاور زلمی کے میچ کے دوران آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کے ساتھ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری اور وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی بھی سٹیڈیم میں موجود تھے۔

عمر چھوٹی بتا کر میں ماہرہ اور ہانیہ عامر کے کردار ادا نہیں کرسکتی، بشریٰ انصاری



کراچی (آئی این پی) شوبز انڈسٹری کی ہر فن مولا، سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے اپنی حقیقی عمر سے متعلق نئے وی لاگ میں بات کی ہے۔ حال ہی میں بشریٰ انصاری نے اپنے نئے وی لاگ میں سب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بتایا کہ میں 69 سال کی ہوگئی ہوں، سب حیران ہیں کہ میں اس عمر میں اتنی صحت مند اور متحرک ہوں۔ اداکارہ نے اپنے وی لاگ میں کہا کہ خواتین اپنی عمر چھپاتی ہیں،

پاکستانی ڈراموں میں بڑھتا ہوا غیر اخلاقی مواد، شیما کرمانی برس پڑیں

ہر ڈرامے میں غیر اخلاقی تعلقات دکھانے کی کیا ضرورت ہے؟ شیما کرمانی



لاہور (این این آئی) پاکستان میں خواتین کے حقوق کی علمبردار اور معروف رقاصہ شیما کرمانی نے پاکستانی ڈراموں میں بڑھتے ہوئے غیر اخلاقی مواد پر کڑی تنقید کی ہے۔ ایک حالیہ پروگرام میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کے دوران شیما کرمانی نے کہا کہ آج کے مرد پہلے کے مقابلے میں زیادہ خراب ہو چکے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ تبدیلی ان کے بچپن میں دیکھے گئے ٹی وی پروگراموں اور خبروں کا نتیجہ ہے۔ آمریت کے دور میں مردانہ بالادستی کے نظریات نے انہیں پہلے سے زیادہ خراب بنا دیا ہے۔

آر جے مہوش نے یوزویندر چہل کی تعریفوں کے پل باندھ دیئے



ممبئی (این این آئی) سوشل میڈیا انفلوئنسر اور آر جے مہوش نے حال ہی میں کرکٹر یوزویندرا چہل کے ساتھ اپنی مبینہ ڈیٹنگ کی افواہوں کے درمیان ایک انٹرویو میں چہل کو ایک بہترین اور بے انتہا خیال رکھنے والا شخص قرار دیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق آر جے مہوش نے یوزویندر چہل کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک بہت اچھے انسان ہیں اور ان کی شخصیت میں بہت زیادہ خیال رکھنے والا پہلو موجود ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ چہل ان کے بہت اچھے دوست ہیں

آج تک ''عاشقی'' کا مکمل معاوضہ نہیں ملا، انو اگروال

عاشقی کو آنجہانی گلشن کمار کی ٹی سیریز اور مہیش اور مکیش بھٹ کے بینر وشیش فلمز نے مل کر پروڈیوس کیا تھا



ممبئی (این این آئی) انو اگروال 35 سال قبل 1990 میں مہیش بھٹ کی بلاک بسٹر میوزیکل رومانس فلم عاشقی کے ساتھ سینما گھروں کی اسکرین پر جلوہ گر ہوئیں اور پھر ایک جانا پہچانا نام بن گئیں۔ فلم عاشقی کو آنجہانی گلشن کمار کی ٹی سیریز اور مہیش اور مکیش بھٹ کے بینر وشیش فلمز نے مل کر پروڈیوس کیا تھا۔ فلم کی ریلیز کو 3 دہائیوں سے زیادہ عرصہ گزر جانے کے بعد اداکارہ نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں ابھی تک فلم کی پوری فیس ادا نہیں کی گئی۔ پنک ولا کو ایک انٹرویو دیتے ہوئے اداکارہ نے بتایا کہ مجھے آج تک عاشقی کی پوری فیس نہیں ملی ہے، مجھے پوری فیس کا صرف 60 فیصد ادا کیا گیا اور میرا 40 فیصد معاوضہ اب تک واجب الادا ہے۔ تاہم اداکارہ نے اپنے واجبات کی ادائیگی کے لیے میکرز سے رجوع کرنے سے انکار کیا اور کہا کہ کوئی بات نہیں

ایوارڈ شو کے بعد تمنا بھاٹیہ ہجوم میں پھنس گئیں

عوامی گھیرے میں پھنسی تمنا کی ویڈیو نے سیکیورٹی پر سوالات اٹھا دیئے



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ تمنا بھاٹیہ حال ہی میں ایک ایوارڈ شو میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے اپنے گانے آج کی رات اور کترینہ کیف کے مقبول ٹریک شیلا کی جوانی اور کالا چشمہ سمیت دیگر پر پرفارم بھی کیا۔ تقریب کے بعد جب اداکارہ ایونٹ کے مقام سے باہر نکل رہی تھیں تو پرجوش مداحوں کے ایک بڑے ہجوم نے انہیں گھیر لیا جو ان کے ساتھ سیلفیاں لینے کے لیے بے تاب تھے۔ سوشل میڈیا پر اداکارہ کے ہجوم میں پھنسنے کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد اس واقعے نے تمنا بھاٹیہ کے مداحوں میں ان کی حفاظت اور سیکیورٹی کے واضح فقدان کے بارے میں تشویش پیدا کر دی۔ ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ گولڈن کام والے برالیٹ اور سبز اسکرٹ میں ملبوس دلکش اداکارہ تمنا بھاٹیہ ہجوم میں گھرنے کے بعد واضح طور پر غیر آرام دہ اور سہمی ہوئی نظر آرہی تھیں

پی ایس ایل دوبارہ شروع کر کے ثابت کیا ہم بزدل نہیں، شعیب اختر

بھارت نے 8 مئی کو راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کو ڈرون سے نشانہ بنانے کی کوشش کی تھی



راولپنڈی (سپورٹس رپورٹر) سابق پاکستانی فاسٹ بولر شعیب اختر نے حالیہ بیان میں کہا ہے کہ بھارت کی جانب سے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم پر حملے کے بعد پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے میچز وہیں سے دوبارہ شروع کرنا ایک مضبوط پیغام تھا کہ "ہم بزدل نہیں ہیں"۔ یاد رہے کہ 8 مئی 2025 کو راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کے قریب ایک مبینہ بھارتی ڈرون حملے کے بعد پی ایس ایل کے میچز ملتوی کر دیے گئے تھے۔ ابتدائی طور پر لیگ کو متحدہ عرب امارات منتقل کرنے پر غور کیا گیا، 10۔ مئی کو بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کے بعد، پی سی بی نے اعلان کیا کہ پی ایس ایل 17 مئی سے دوبارہ شروع ہوگی، جس کے گروپ اسٹیج کے میچز راولپنڈی میں اور پلے آف و فائنل لاہور میں ہوں گے۔

سکندر رضا اچانک لاہور قلندرز کو چھوڑ کر انگلینڈ روانہ، مگر کیوں؟

اتوار کو پشاور زلمی کیخلاف میچ میں سکندر رضا نے 4 رنز بنائے تھے اور وکٹ حاصل کی تھی



راولپنڈی (سپورٹس ڈیسک) لاہور قلندرز کے سکندر رضا ایک میچ کے بعد انگلینڈ روانہ ہوگئے۔ لاہور قلندرز کی انتظامیہ کے مطابق سکندر رضا زمبابوے کی طرف سے انگلینڈ کیخلاف تاریخی ٹیسٹ میچ میں حصہ لیں گے۔ زمبابوے کی ٹیم 2003 کے بعد انگلش سرزمین پر پہلا ٹیسٹ میچ کھیلے گی۔ اتوار کو پشاور زلمی کیخلاف میچ میں سکندر رضا نے 4 رنز بنائے تھے اور وکٹ حاصل کی تھی۔ انگلینڈ اور زمبابوے کے درمیان چار روزہ ٹیسٹ میچ 22 سے 25 مئی ٹاؤنٹن کے ٹرینٹ برج اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔

نور الشر بنی نے 8 ویں بار ورلڈ اسکواش چیمپئن شپ جیت لی

شکاگو (این این آئی) مصر کی اسکواش کی کھلاڑی نور الشر بنی نے 8 ویں مرتبہ ورلڈ اسکواش چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ شکاگو میں ہونے والے ورلڈ چیمپئن شپ کے ویمنز فائنل میں مصر کی نور الشر بنی نے ہم وطن ہانیہ الحمامی کو 3-1 سے شکست دی۔ اس کے ساتھ ہی نور الشر بنی نے ملائیشیا کی نگول ڈیوڈ کا 8 مرتبہ ورلڈ چیمپئن شپ جیتنے کا ریکارڈ برابر کر دیا ہے۔ 29 سالہ نور الشر بنی کی عالمی درجہ بندی میں دوسری پوزیشن ہے جبکہ وہ 2020ء میں پہلے نمبر پر بھی رہ چکی ہیں۔

پاکستان سے کشیدگی کے بعد بھارت ایشیا کپ 2025 سے دستبردار

رواں سال ایشیا کپ نہ کھیلنے کا فیصلہ بھارتی بورڈ نے فیصلے سے متعلق ایشین کرکٹ کونسل کو آگاہ کردیا

نئی دہلی (این این آئی) پاکستان سے کشیدگی کے بعد بھارت ایشیا کپ 2025 سے دستبردار ہوگیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی بورڈ نے رواں سال ایشیا کپ نہ کھیلنے کا فیصلہ کیا ہے اور متعلقہ حکام فیصلے سے متعلق ایشین کرکٹ کونسل کو آگاہ بھی کرچکا ہے۔ یاد رہے کہ ایشیا کپ 2025 کی میزبانی بھارت کو دی گئی تھی، لیکن پاکستان کے خلاف میچ نہ ہونے کی صورت میں ٹورنامنٹ کی مالی اہمیت ختم ہوجاتی ہے۔ بھارت کی اس ضد سے نہ صرف ایشیائی کرکٹ متاثر ہوگی بلکہ سری لنکا، بنگلہ دیش اور افغانستان جیسے ممالک بھی مالی نقصان کا شکار ہوں گے، جو اس ایونٹ سے ریونیو حاصل کرتے ہیں۔ واضح رہے کہ یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ بھارت آلودہ کیا ہو۔ 2019 بھارت نے اسی قسم کا رویہ اپنایا تھا، جس پر بین الاقوامی حلقوں نے بھی تنقید کی تھی۔ ادھر اطلاعات ہیں کہ بھارت بنگلہ دیش کے خلاف طے شدہ ون ڈے اور ٹی ٹوئنٹی سیریز سے بھی پیچھے ہٹنے پر غور کر رہا ہے۔

رستمِ پاکستان دنگل، سیمی فائنل مقابلوں کا شیڈول سامنے آگیا

لاہور (این این آئی) رستمِ پاکستان دنگل کے سیمی فائنل جوڑوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا جبکہ فائنل آئندہ ماہ لاہور میں ہوگا۔ شیڈول کے مطابق رستمِ پاکستان دنگل کے سیمی فائنل 23 مئی کو فیصل آباد میں ہوں گے، دونوں جوڑ ایک ہی دن ہوں گے۔ زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں پہلوان زور آزمائی کریں گے۔ پہلے سیمی فائنل میں طیب رضا اعوان اور گلزار گلوبٹ اکھاڑے میں اتریں گے۔ رستمِ پاکستان دنگل کے دوسرے سیمی فائنل میں آصف موچی پہلوان اور عدنان ٹائراں والا کا جوڑ پڑے گا

پھٹی ہوئی بغل، اروشی کو کانز میں شدید شرمندگی کا سامنا

اداکارہ کی ریڈ کارپٹ پر موجودگی کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہی ہیں



پیرس (آئی این پی) بھارتی ماڈل و اداکارہ اروشی روٹیلا کا لباس کانز فلم فیسٹیول کے ریڈ کارپٹ واک کے دوران پھٹ گیا، اداکارہ کو شدید شرمندگی کا سامنا کرنا پڑا۔ اپنی خوبصورتی کی خود ہی بڑھ چڑھ کر تعریف کرنے والی اروشی روٹیلا نے دنیا کے سب سے بڑے فلم فیسٹیول کانز میں شرکت کی جس نے انہیں ایک بڑی مشکل میں پھنسا دیا۔ اداکارہ کی ریڈ کارپٹ پر موجودگی کی تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہی ہیں

حدود میں رہتے ہوئے فیملی وی لاگنگ میں کوئی برائی نہیں، حمزہ علی عباسی



کراچی (آئی این پی) معروف اداکار و ماڈل حمزہ علی عباسی نے کہا ہے کہ حدود میں رہتے ہوئے فیملی وی لاگنگ کی جائے تو اس میں کوئی برائی نہیں ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران حمزہ عباسی نے موسیقی سے متعلق اپنے علم اور اسلام میں اس کی اجازت کے بارے میں پوچھے گئے سوال کے جواب میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اسلام میں مکمل طور پر موسیقی اور اس سے جڑے آلات حرام نہیں ہیں

ہمایوں اشرف نے شادی نہ کرنے کی وجہ بتادی



کراچی (آئی این پی) اداکار ہمایوں اشرف نے شادی نہ کرنے کی وجہ بتا دی۔ ایک انٹرویو کے دوران اداکار نے کہا کہ شادی ایک خوبصورت رشتہ ہے جس میں کچھ پروٹوکول کی ضرورت ہوتی ہے، اور جب وہ شادی کریں گے تو یہ ایک کھلا معاملہ ہوگا۔ اداکار نے کہا جب بھی شادی کروں گا، وہ سب کے سامنے ہوگی

انٹرنیشنل



پاکستان سے تعلقات کے الزام میں ایک اور بھارتی شہری گرفتار

گرفتار ہونے والے شخص کی شناخت شہزاد کے نام سے ہوئی ہے، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں پاکستان سے تعلق کے الزام میں ایک اور شہری کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق ریاست اتر پردیش کی اینٹی ٹیررازم اسکواڈ (اے ٹی ایس) نے پاکستان سے تعلق میں ملوث ہونے کے الزام میں ایک شخص کو گرفتار کرلیا ہے۔ گرفتار ہونے والے شخص کی شناخت شہزاد کے نام سے ہوئی ہے جو ضلع رامپور کا رہائشی ہے۔ اسے مراد آباد سے ہفتہ کے روز حراست میں لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق شہزاد نامی بھارتی شہری کو ملک گیر کریک ڈاؤن کے دوران گرفتار کیا گیا۔ اس آپریشن کے دوران کئی افراد کو گرفتار کیا جا چکا ہے، جن میں سوشل میڈیا انفلوئنسرز اور یوٹیوبرز بھی شامل ہیں۔ اے ٹی ایس کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، شہزاد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی جا رہی تھی، کیونکہ بھارتی انٹیلی جنس ذرائع نے اس کے بھارت-پاکستان سرحد پار اسمگلنگ میں ملوث ہونے کی نشاندہی کی تھی۔ تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی کہ شہزاد پاکستان متعدد بار گیا اور وہ غیر قانونی طور پر سرحد پار کاسمیٹکس، کپڑے، مصالحہ جات اور دیگر سامان کی اسمگلنگ میں ملوث تھا۔ پولیس کے مطابق، یہ اسمگلنگ کا دھندہ دراصل اس کی جاسوسی کی سرگرمیوں کا ایک طریقہ کار تھا۔ مزید تحقیقات سے یہ بھی انکشاف ہوا کہ شہزاد رامپور اور اتر پردیش کے دیگر علاقوں سے لوگوں کو پاکستان بھیجنے میں ملوث تھا، جنہیں اسمگلنگ کے بہانے بھرتی کیا گیا تھا۔ پولیس کے مطابق شہزاد کے خلاف اتر پردیش اے ٹی ایس پولیس اسٹیشن، لکھن میں بھارتی فوجداری ضابطہ کی دفعات 148 اور 152 کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ ملزم کو

مودی حکومت کی پاکستان دشمنی انتہاں پر، ترکی و آذربائیجان سے تجارتی و تعلیمی بائیکاٹ شروع

انقرہ (این این آئی) بھارت کی مودی حکومت نے اپنی پاکستان دشمن پالیسی کو وسعت دیتے ہوئے ترکی اور آذربائیجان کے خلاف نئی سفارتی، تجارتی اور تعلیمی محاذ آرائی کا آغاز کردیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق، دونوں ممالک کی جانب سے فلسطینی مزاحمتی آپریشن بنیان مرصوص کی حمایت پر بھارت سیخ پا ہوگیا ہے۔ مودی حکومت نے نئی دہلی ایئرپورٹ پر کام کرنے والی ترک گراؤنڈ ہینڈلنگ کمپنی elebi پر سیکیورٹی خدشات کا الزام لگا کر اس کے آپریشنز معطل کردیے ہیں۔ اس کے علاوہ، بھارتی ای کامرس پلیٹ فارمز جیسے Myntra اور Flipkart نے ترک فیشن برانڈز کی فروخت عارضی طور پر روک دی ہے۔ ترکی سے آنے والے سیب، ماربل اور دیگر اشیائے خورد و نوش کی درآمدات پر غیر علانیہ پابندی کے اثرات نظر آنا شروع ہو گئے ہیں۔ جواہرات فروش اور زیورات ڈیزائنرز نے روایتی ترک زیورات کی نمائش اور فروخت بند کردی ہے۔ مودی سرکار نے ترکی سے تعلیمی روابط بھی منقطع کردیے ہیں۔ جے این یو، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کو حکومتی دباؤ کے تحت ترک اداروں کے ساتھ جاری تعلیمی معاہدے ختم کرنے پر مجبور کیا گیا ہے۔

غزہ میں قتلِ عام، اسرائیلی حملوں میں 300 سے زائد اقوام متحدہ اہلکار شہید

غزہ (این این آئی) اقوام متحدہ کے فلسطینی پناہ گزینوں کے ادارے کے سربراہ فلپ لازارینی نے انکشاف کیا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں اونرا کے 300 سے زائد ملازمین شہید ہو چکے ہیں۔ انہوں نے اس المناک حد کو خونریز سنگ میل قرار دیا ہے۔ فلپ لازارینی نے سوشل میڈیا پر بتایا کہ ان میں سے زیادہ تر اہلکار اسرائیلی فوج کے حملوں میں اپنے بچوں اور خاندانوں کے ساتھ شہید ہوئے اور ان کی پوری کی پوری فیملیاں مٹا دی گئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کئی ملازمین اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران مارے گئے، جن میں طبی عملہ اور اساتذہ شامل تھے جو اپنی کمیونٹیز کی خدمت کر رہے تھے۔ لازارینی نے ان ہلاکتوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا: ان ہلاکتوں کا کوئی جواز نہیں۔ اگر ان جرائم پر خاموشی اختیار کی گئی تو مزید بے گناہوں کی جانیں جائیں گی۔ جو ذمہ دار ہیں، انہیں انصاف کے کٹہرے میں لانا ہوگا۔ کئی ملازمین اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران مارے گئے، جن میں طبی عملہ اور اساتذہ شامل تھے، رپورٹ غزہ میں قتلِ عام، اسرائیلی حملوں میں 300 سے زائد اقوام متحدہ اہلکار شہید



امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ دوحہ، قطر کے امیری دیوان میں امیر قطر تمیم بن حمد الثانی کے ساتھ چہل قدمی کر رہے ہیں

ناسا کو ہیک کرنے والے بنگلہ دیشی نوجوان کو خلائی ایجنسی سے تعریفی خط موصول

خلائی ایجنسی ناسا کے سیکیورٹی سسٹم میں خامی تلاش کرنے والے نوجوان کو عالمی سطح پر پذیرائی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش کے 17 سالہ خود سیکھے ہوئے ایتھیکل ہیکر محمد مطالعہ کیا اور پھر مختلف تکنیکس کو جوڑ کر IDOR (Insecure Direct Object Reference) اور SSRF (Server-Side Request Forgery) طریقے سے ناسا کے ڈیٹا تک رسائی حاصل کی۔ خلائی ایجنسی ناسا کے سیکیورٹی سسٹم میں خامی تلاش کرنے والے نوجوان کو عالمی سطح پر پذیرائی ناسا کے سائبر سیکیورٹی سسٹم میں ایک نہایت اہم خامی دریافت کی جس پر ناسا نے انہیں آفیشل تعریفی خط جاری کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 11 جون 2024 کو محمد شریار نے ناسا کے سسٹم میں ایک پرائیویسی سے متعلق خطرناک خامی دریافت کی۔ وہ بتاتے ہیں کہ انہوں نے دیگر ہیکرز کے معلوم کردہ نقصانات کا



گریئر ایلن لن وائٹ کے پالتو کچھوے کو ہفتے کے روز لندن، کینٹکی میں وائٹ کے گھر سے پلاسٹک کے ڈبے میں لے جا رہے ہیں

امریکی طالبہ کا غزہ میں نسل کشی کے خلاف زبردست احتجاج

واشنگٹن (این این آئی) جارج واشنگٹن یونیورسٹی کی گریجویٹ طالبہ سیسلیا کلور نے اپنی گریجویشن تقریب کے دوران غزہ میں جاری اسرائیلی کارروائیوں کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ انہوں نے یونیورسٹی پر الزام عائد کیا کہ ان کی ادا کردہ فیس کو غزہ میں فلسطینیوں کی نسل کشی میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ ممیڈیا رپورٹس کے مطابق سیسلیا کلور نے کہا، ایک سال سے زائد عرصے سے فلسطینیوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے، اور میں دکھی دل کے ساتھ اپنی گریجویشن کا جشن نہیں منا سکتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ یہ جانتے ہوئے جشن نہیں منا سکتیں کہ کتنے فلسطینی طلبا کو تعلیم سے محروم کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یونیورسٹی انتظامیہ طلبا کے احتساب کے مطالبات کو بھی نظر انداز کر رہی ہے۔ یہ احتجاج اس وقت سامنے آیا جب مئی 2024 میں جارج واشنگٹن یونیورسٹی کے طلبا نے غزہ میں اسرائیلی کارروائیوں کے خلاف کیمپس میں احتجاجی کیمپ قائم کیا۔



اتوار کے روز جنوبی غزہ کے خان یونس میں جنازے کے دوران فلسطینی اسرائیلی فضائی حملے میں ہلاک ہونے والے اپنے رشتہ داروں کی لاشیں لے جا رہے ہیں

ایوان کے اسپیکر مائیک جانسن یو ایس کیپیٹل میں ایک نیوز کانفرنس کر رہے ہیں

برطانیہ میں فلسطینیوں کی حمایت میں نکبہ مارچ، ہزاروں افراد سڑکوں پر نکل آئے

برطانوی حکومت اسرائیل کو اسلحہ کی فراہمی فوری طور پر بند کرے، مظاہرین کا مطالبہ

لندن (این این آئی) فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کے 77 سال مکمل ہونے پر برطانیہ میں ہزاروں افراد نے فلسطینی عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے نکبہ مارچ میں شرکت کی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لندن سمیت برطانیہ کے مختلف شہروں میں منعقدہ ریلیوں میں شریک افراد نے فلسطینیوں پر جاری اسرائیلی مظالم کے خلاف شدید احتجاج کیا۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر فلسطین آزاد کرو، اسرائیل کا ظلم بند کرو اور برطانیہ اسرائیل کو ہتھیار دینا بند کرے جیسے نعرے درج تھے۔ مظاہرین نے برطانوی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ اسرائیل کو اسلحہ کی فراہمی فوری طور پر بند کرے اور فلسطینیوں کے بنیادی حقوق کا احترام کرے۔ دوسری جانب سعودی عرب نے بھی غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ کرتے ہوئے فلسطینیوں کی جبری بے دخلی کی ہر کوشش کو مسترد کر دیا ہے۔ سعودی حکومت کا کہنا ہے کہ فلسطینی عوام کی حفاظت عالمی برادری کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ برطانوی حکومت اسرائیل کو اسلحہ کی فراہمی فوری طور پر بند کرے، مظاہرین کا مطالبہ

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

بلڈ پریشر ایک ایسا خاموش قاتل ہے، اسلم گا بھا ہیڈ آف ربینہ میموریل ہسپتال

اس مہلک بیماری سے بچاؤ کا واحد راستہ بروقت تشخیص، باقاعدہ علاج اور طرزِ زندگی میں مثبت تبدیلیاں ہیں



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) بلڈ پریشر ایک ایسا خاموش قاتل ہے جو بغیر کسی واضح علامت کے دل، دماغ اور گردوں جیسے اہم اعضاء کو نقصان پہنچاتا ہے۔ ورلڈ ہائپر ٹینشن ڈے کے موقع پر سرل فارماسیوٹیکل کے زیر اہتمام فیصل آباد پریس کلب میں منعقدہ پریس کانفرنس میں ماہرین صحت نے عوام کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ اس مہلک بیماری سے بچاؤ کا واحد راستہ بروقت تشخیص، باقاعدہ علاج اور طرزِ زندگی میں مثبت تبدیلیاں ہیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اسلم گا بھا (ہیڈ آف ربینہ میموریل ہسپتال)، ڈاکٹر ریحان ریاض (اسسٹنٹ پروفیسر کارڈیالوجی، الائیڈ ہسپتال)، ڈاکٹر علی احسان (اسسٹنٹ پروفیسر کارڈیالوجی، الائیڈ ہسپتال)، ڈاکٹر حبیب ، ڈاکٹر احمد شہزاد (صدر لائل پور ڈائبیٹز فاؤنڈیشن پنجاب) اور سید غیور حسین (سینئر سیلز منیجر، سرل فارما) نے کہا کہ پاکستان میں ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے، اور اکثریت اس مرض سے لاعلم ہے۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ چکنائی اور نمک سے بھرپور غذا، ورزش کی کمی، ذہنی دباؤ، نیند کی خرابی اور تمباکو نوشی اس مرض کو بڑھاوا دیتے ہیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ روزانہ کم از کم 30 منٹ کی ورزش، متوازن غذا، سگریٹ نوشی سے پرہیز اور باقاعدہ بلڈ پریشر چیکنگ کو معمول کا حصہ بنایا جائے۔ ڈاکٹروں نے اس بات پر زور دیا کہ ہائی بلڈ پریشر کی بروقت تشخیص اور دوا کا مسلسل مریض کی زندگی بچا سکتا ہے۔ ادویات کا باقاعدہ اور درست وقت پر استعمال دل، گردوں اور دیگر اعضاء کو محفوظ رکھتا ہے۔ سرل فارماسیوٹیکل کے نمائندوں نے اس موقع پر کہا کہ کمپنی نہ صرف معیاری ادویات فراہم کر رہی ہے بلکہ ایک صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے شعور بیدار کرنے کی مہمات بھی چلا رہی ہے۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کی زیر صدارت ریونیو افسران کا اجلاس میں اقدامات کا جائزہ

اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور نعیم بشیر، اسسٹنٹ کمشنر ریناله خورد انعم علی خان سمیت ضلع بھر کے ریونیو افسران بھی موجود تھے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کی زیر صدارت ریونیو افسران کا اجلاس میں اقدامات کا جائزہ، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور نعیم بشیر، اسسٹنٹ کمشنر ریناله خورد انعم علی خان سمیت ضلع بھر کے ریونیو افسران بھی موجود تھے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب کو بورڈ آف ریونیو کے دیگر اقدامات پر عمل درآمد اور سرکاری واجبات کی وصولی کا سلسلہ میں تفصیلی بریفنگ دی گئی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب نے کہا کہ حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق عوام کو ریونیو سروسز کی فراہمی کے سلسلہ میں اقدامات کا سلسلہ تسلسل سے جاری رکھا جائے اور سائلین کو ریونیو ریکارڈ کی فراہمی و درستگی سمیت ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن کے لیے استوار بنیادوں پر کام کیا جائے اور ریونیو ریکوری کے لیے بھی ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں اور زیر التوا ریونیو کیسز کو پایا تکمیل تک پہنچانے کے لیے بھی ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے امور کی انجام دہی کو یقینی بنایا جائے۔

ضلع کونسل کی تجاوزات کے خلاف کاروائی، متعدد رکاوٹیں ہٹادی گئیں

ڈپٹی کمشنر خانیوال سلمٰی سلیمان کی ہدایت پر ضلع کونسل میاں چنوں کی تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کی گئی



میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) ضلع کونسل کی تجاوزات کے خلاف کاروائی، متعدد رکاوٹیں ہٹادی گئیں تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خانیوال سلمٰی سلیمان کی ہدایت پر ضلع کونسل میاں چنوں کی تجاوزات کے خلاف بھرپور کارروائی کی گئی، ایکسئین ملک الطاف حسین و عملے نے اڈا پل گھراٹ پر تجاوزات ختم کرائیں، ملک الطاف حسین کا کہنا تھا کہ تجاوزات کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے اور حادثات کا خطرہ بڑھ جاتا ہے، اس لیے یہ مہم آئندہ بھی جاری رہے گی۔

نواحی علاقے شدید گرمی کی لپیٹ میں سورج نے آنکھیں دکھانا شروع کردیں

درجہ حرارت 45 گھروں سے باہر نکلنا مشکل ہوگیا موسمیاتی تبدیلی کے اثرات نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کردیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ منڈی اور نواحی علاقے شدید گرمی کی لپیٹ میں سورج نے آنکھیں دکھانا شروع کردیں درجہ حرارت 45 گھروں سے باہر نکلنا مشکل ہوگیا موسمیاتی تبدیلی کے اثرات نے عوام کی مشکلات بڑھا دی ہیں سورج نے تیور دکھانا شروع کردیے ہیں جس سے گھروں سے باہر نکلنا دشوار ہوچکا ہے رہی سہی کسر واپڈا نے نکال دی ہے غیر اعلانیہ بجلی کی بندش نے عوام کا پارہ بھی ہائی کردیا ہے گھروں میں پنکھے بند ہونے اور باہر سورج کی تپش نے جینا دشوار کر رکھا ہے شہری گرمی کی شدت کو کم کرنے کیلئے شربت فالودہ سمیت دیگر ٹھنڈی اشیاء کو فروغ دے رہے ہیں ہسپتالوں میں پیٹ کے امراض اور پانی کی کمی کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہو چکا ڈاکٹرز نے شہریوں کو پانی زیادہ پینے اور گھروں سے غیر ضروری باہر نکلنے سے گریز اور غیر معیاری ناقص اشیاء مشروبات کے استعمال نہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

پانی کی کمی کے نقصانات اور حفاظتی تدابیر پر آگاہی سیمینار

ایڈیشنل ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی فیصل آباد ڈویژن امتیاز حسین مہمان خصوصی تھے



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کے زیر اہتمام گورنمنٹ کالج یونیورسٹی چنیوٹ کیمپس میں انسانی صحت پر پانی کی کمی کے نقصانات اور حفاظتی تدابیر پر آگاہی سیمینار منعقد ہوا۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی فیصل آباد ڈویژن امتیاز حسین مہمان خصوصی تھے۔ سیمینار میں ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم کے علاوہ دیگر ماہرین فیکلٹی ممبران اور طلباء وطالبات بھی موجود تھیں۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر آپریشنز نے کہا کہ جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر معیاری خوراک کی فراہمی کے مشن کے ساتھ عوامی آگاہی کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو معیاری خوراک سے آگاہی ضروری ہیاور آگاہی سیشن کے انعقاد کا مقصد عوام کو معیاری فوڈ پوائنٹس کی جانب بھی راغب کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس کو پانی کی اہمیت سے آگاہ کرنا ناگزیر ہے۔ پانی صاف اور کوالٹی کا ہونا بہت ضروری ہے۔ پانی کی کمی بہت سے مسائل کا باعث بنتی ہے۔ ہمیشہ صاف پانی کا استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ عوام الناس تک معلومات کی فراہمی میں ذرائع ابلاغ کا بہت کردار ہے۔ شہری صحت مند خوراک کا انتخاب کریں اور صحت مند رہن سہن کے طریقوں کو اپنانا ہے جس میں معیاری خوراک کی اہمیت لازمی ہے۔ انہوں نے سیمینار کے انعقاد کے سلسلے میں پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی کاوشوں کو سراہا اور کہا کہ فوڈ بزنس کو بھی ریگولیٹ کیا جارہا ہیتا کہ عوام تک معیاری خوراک میسر آئے۔ انہوں نے کہا کہ غیر معیاری اشیاء کو موقع پر تلف کیا جارہا ہے۔ عوام الناس صحت مند خوراک کی فراہمی کے مشن میں معاونت جاری رکھیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز نے کہا کہ پانی ہماری زندگی کا لازمی جزو ہے۔ پانی کی کمی کے نقصانات اور احتیاطی تدابیر بارے آگاہی سیشن جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پانی کا مناسب استعمال کیا جائے۔ فوڈ اتھارٹی ملاوٹ مافیا کی بیخ کنی کے لئے سرگرم ہیاور ناقص وغیر معیاری پانی کی فروخت پر ایکشن لیا جارہا ہے۔

محکمہ ہیلتھ گیمبر کے نااہل افسران کی وجہ سے گیمبر قادآباد میڈیکل سٹورز کی آڑ میں اتائی انسانی جانوں سے کھیلنے لگے

گیمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) محکمہ ہیلتھ گیمبر کے نااہل افسران کی وجہ سے گیمبر قادآباد میڈیکل سٹورز کی آڑ میں اتائی انسانی جانوں سے کھیلنے لگے۔ افسران خاموش تماشائی وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق۔ ساہیوال ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ہیلتھ ساہیوال کے نااہل افسران کی وجہ سے گیمبر قادرآباد اور اس کے گرد ونواح میں غیر تربیت یافتہ افراد نہ صرف خود ساختہ ڈاکٹری کر کے مریضوں کو خطرناک انجام تک پہنچا رہے ہیں بلکہ ناقص، غیر معیاری اور تھرڈ کلاس دوا ساز کمپنیوں کی ادویات بھی انتہائی مہنگے داموں فروخت کر رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق متعدد میڈیکل سٹورز پر بیٹھے یہ جعلی معالج کسی رجسٹرڈ ادارے سے تربیت یافتہ ہیں اور نہ ہی ان کے پاس پریکٹس کا قانونی لائسنس ہے، عوام کو دھوکا دیکر مہنگے نسخے لکھ کر غیر معیاری ادویات فروخت کر رہے ہیں۔ گیمبر قادرآباد کے شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز صوبائی وزیر صحت کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ایسے میڈیکل سٹور مالکان اور ایسے افراد کے خلاف قانونی کاروائی کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے

پبلک پارکس کی تزئین وآرائش کا جائزہ لینے کیلئے احمد شاہ روڈ کی پارکس کا دورہ

سی او ضلع کونسل عامر اختر بٹ، سی او میونسپل کمیٹی راو انوار بھی ہمراہ تھے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے پبلک پارکس کی تزئین وآرائش کا جائزہ لینے کے لیے احمد شاہ روڈ کی پارکس کا دورہ کیا۔ سی او ضلع کونسل عامر اختر بٹ، سی او میونسپل کمیٹی راو انوار بھی ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے پبلک پارکس کی جاری بحالی کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کے افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ پبلک پارکس میں جاری ترقیاتی کاموں کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پبلک پارکس کی باونڈری والز کا عمل مکمل کیا جا چکا ہے، تمام پبلک پارکس میں نئی گھاس، پودے، بینچز اور واکنگ ٹریکس سمیت بچوں کے لیے جھولوں کے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ پبلک پارکس کی بحالی کا عمل 98 فیصد تک مکمل کر چکے ہیں جبکہ دیگر پر کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے لیے پبلک پارکس میں سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے بتایا کہ ضلع کو پھولوں اور پھلوں کا شہر بنایا جا رہا ہے، شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لیے تمام تر دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع میں لگائے جانے والے پودوں کی پرورش کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو بہترین طریقے سے پودوں کی نگہداشت کو یقینی بنا رہی ہیں۔



سماجی شخصیت سید تاج حسین شاہ زیدی کے بیٹے سید فہیم حسین شاہ زیدی کی دعوت ولیمہ کی پروقار تقریب

اس پر مسرت موقع پر سیاسی سماجی کاروباری وکلاء اور سول سوسائٹی کے حلقوں کی اہم شخصیات کی شرکت



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) معروف سیاسی وسماجی شخصیت سید تاج حسین شاہ زیدی کے بیٹے سید فہیم حسین شاہ زیدی کی دعوت ولیمہ کی پروقار تقریب گزشتہ روز بمقام حسین فخر ماریکی دیپالپور میں انعقاد پذیر ہوئی، اس پر مسرت موقع پر سیاسی سماجی کاروباری وکلاء اور سول سوسائٹی کے حلقوں کی اہم شخصیات کی شرکت،، علاوہ ازیں سید سلیمان حسین مصطفیٰ آباد چودری طارق ارشاد خان لنگڑ ہولڈر پاکستان تحریک انصاف، سید نصیر حسین شاہ منسٹری اف لیبر میاں سجاد احمد خاں وٹو ایڈووکیٹ سابقہ صدر دیپال پور، بار، میاں ریاض احمد خاں وٹو ایڈووکیٹ رہنما پیپل پارٹی، سید تنویر حسین شاہ ایڈووکیٹ بصیر پور، میاں نذر فرید وٹو ایڈووکیٹ، میاں غلام مرتضی آفریدی ایڈووکیٹ، میاں عبدالمجید وٹو ایڈووکیٹ اور سید محمد حسن شاہ زیدی چیئرمن الیکٹرانک میڈیا دیپالپور پریس کلب وانجمن صحافیاں نے بھی شرکت کی،، اس موقع پر دولہا کے والد گرامی سید تاج حسین شاہ زیدی نے تمام سیاسی سماجی شخصیت اور مہمانوں کا شکریہ ادا کیا،،

اپ گریڈ ٹرانسفارمر کی تنصیب سے محلہ قاضیانوالا کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا

اہلیان علاقہ نے ایکسیئن کنسٹرکشن ڈویژن ملک لیاقت علی اعوان کا شکریہ ادا کیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) اپ گریڈ ٹرانسفارمر کی تنصیب سے محلہ قاضیانوالا کا دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا اہلیان علاقہ نے ایکسیئن کنسٹرکشن ڈویژن ملک لیاقت علی اعوان کا شکریہ ادا کیا ہے کہ سیالکوٹ پولیس وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن "ڈرگ فری پنجاب" کی عملی تعبیر کے لیے پوری طرح پرعزم ہے، اور منشیات کے مکمل خاتمے تک یہ کریک ڈاؤن بلا تعطل جاری رہے گا۔

جس پر ایس ڈی او علی عدنان وینس کی جانب سے اپ گریڈ ٹرانسفارمر کی پروپوزل بنا کر کنسٹرکشن ڈویژن بھجوائی گئی جس پر ایکسیئن کنسٹرکشن ڈویژن ملک لیاقت علی اعوان نے اس دیرینہ مسئلہ کو عملی جامہ پہناتے ہوئے نہ صرف 200KV کا نیا ٹرانسفارمر نصب کروایا بلکہ اہل علاقہ کی گذارش پر اس کا افتتاح بھی کیا جس پر اہل علاقہ کے مکینوں ماسٹر محمد ظفر، غلام فرید بھٹی، ملک محمد رمضان، شاہ زیب قمر، غلام محمد زاہد، چوہدری عمران سمیت دیگر احباب نے ملک لیاقت علی اعوان کا پرزور انداز میں دیرینہ مسئلہ کے حل طلب ہونے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لئے عملی زندگی میں کامیابیوں کی دعا کی ہے

جرم وسزا

CRIME & COURT

آفیسر اینٹی کرپشن ملک ندیم نے انسٹرکٹر سول ڈیفنس ابوبکر 1 لاکھ رشوت لیتے گرفتار کرلیا

یکسپورٹرز سے سرٹیفکیٹ کے بدلے 1 لاکھ روپے رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا۔ سرکل آفیسر اینٹی کرپشن



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ گوجرانوالہ کی ہدایات پر عمل پیرا سرکل آفیسر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ سیالکوٹ انسپکٹر ملک ندیم منور نے سیالکوٹ کے سرجیکل فیکٹری مالک سہیل زاہد مسیح کی شکایت پر فوری کاروائی کرتے ہوئے سول ڈیفنس سیالکوٹ کے انسٹرکٹر آفیسر ابوبکر کو رشوت کے نشان زدہ ایک لاکھ روپے کے نوٹوں سمیت گرفتار کر کے ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کرلیا۔ سرکل آفیسر اینٹی کرپشن انسپکٹر ملک ندیم منور کا کہنا ہے کہ مدعی مقدمہ نے اپنی شکایت میں کہا کہ میری سرجیکل فیکٹری کا انسپکشن سرٹیفکیٹ جاری کرنے کا انسٹرکٹر ابوبکر نے مجھ سے اپنے لئے 20 ہزار بالمرتیب ڈرائیور کیلئے 10 ہزار و سول ڈیفنس آفیسر شاہد پرویز کیلئے 60 ہزار جبکہ مجموعی طور پر مجھ سے ایک لاکھ روپے ڈیمانڈ کئے جو کہ مدعی مقدمہ کی شکایت پر تاج ہوٹل کے قریب مقررہ جگہ جا کر نشان لگے 1 لاکھ روپے ادائیگی کے عین وقت ہم نے ریڈ کر کے ملزم رنگے ہاتھوں گرفتار کیا اور رشوت کے نشان زدہ مبلغ ایک لاکھ روپے ملزم ابوبکر سے فوری برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا۔

پولیس چوکی بشارت کی کالج چوری کیس میں اہم پیشرفت

ملزمان کو راولپنڈی اور جہلم سے گرفتار کر کے بھاری مقدار میں مال مسروقہ برآمد کرلیا گیا



چوآسیدن شاہ (ایم۔ایوب سلطانی) چوآسیدن شاہ بشارت پولیس چوکی کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف تابڑ توڑ کاروائیاں جاری ہیں۔ انچارج پولیس چوکی بشارت کہ انچارج شاہد بلال کے مطابق کالج چوری کیس میں ملوث چار ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے اور تمام سامان کی برآمدگی بھی مکمل ہو چکی ہے۔ چوکی انچارج کے مطابق، برآمد شدہ سامان تھانہ چوآسیدن شاہ میں موجود ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کالج انتظامیہ کو بارہا سپرداری کی درخواست دینے کا کہا گیا، لیکن اب تک سامان وصول نہیں کیا گیا۔ شاہد بلال نے مزید کہا ہم نے اپنی قانونی ذمہ داریاں پوری کر دی ہیں، ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کیا، اور سارا چوری شدہ سامان بھی برآمد کرلیا۔ اب یہ کالج انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ وہ تھانے سے سپرداری کرا کے سامان وصول کرے۔ انہوں نے اس موقع پر میڈیا کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ صحافی برادری عوامی مسائل اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ صحافی جرائم کی نشاندہی کریں ہم انشاءاللہ جرائم کا خاتمہ کر کے دم لیں گے۔*

نواحی علاقے میں ٹریفک حادثات، خواتین سمیت بیس افراد زخمی ہوگئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ میں ٹریفک کے مختلف حادثات وواقعات میں پانچ خواتین سمیت بیس افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب ایمرجنسی سروس نے 19 روڈ ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کرتے ہوئے 20 زخمی افراد کو ریسکیو کیا۔ زخمی مردوں کی تعداد 15 جبکہ خواتین کی تعداد 5 ہے۔ ان 20 زخمی افراد میں سے 4 افراد شدید جبکہ 16 افراد معمولی زخمی ہوئے ریسکیو ٹیموں نے فوری ریسپانڈ کرتے ہوئے زخمیوں کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا۔

ضلع کے سینئر قانون دان محمد عارف رندھاوا ایڈووکیٹ انتقال کر گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ضلع کے سینئر قانون دان محمد عارف رندھاوا ایڈووکیٹ انتقال کر گئے۔ مرحوم کی نماز جنازہ بڑے قبرستان ریلوے لائن والے میں ادا کی گئی جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

حافظ آباد کے نواحی گاؤں ڈھیر برکت رام میں فدا خالد نامی نوجوان کی پراسرار ہلاکت

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے نواحی گاؤں ڈھیر برکت رام میں فدا خالد نامی نوجوان کی پراسرار ہلاکت۔ پولیس نے نعش کو قبضہ میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا اور اس ضمن میں تفتیش جاری ہے۔

ننکانہ کے روحانی پیشوا پیر محمد حیات شاہ قادری کے عرس کی دوروزہ تقریبات اختتام پذیر

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ کے روحانی پیشوا پیر محمد حیات شاہ قادری کے عرس کی دو روزہ تقریبات اختتام پذیر ملکی سلامتی کے لیے خصوصی دعا بالتفصیلات کے مطابق ننکانہ کے روحانی پیشوا حضرت پیر محمد حیات شاہ قادری کے سالانہ عرس کی دو روزہ تقریبات کا آغاز ان کی درگاہ پر ہوا جس کا افتتاح صاحبزادہ غلام جیلانی شاہ، صاحبزادہ غلام دستگیر المعروف مٹھو شاہ، غلام غوث شاہ، صاحبزادہ عمیر شاہ نے کیا دربار شریف کو عرق گلاب سے غسل دیا گیا اور چادر پوشی کی تقریب ہوئی دوسرے دن جامع مسجد جمال حبیب میں محفل پاک کا اہتمام ہوا جس کا آغاز حافظ وقاری آصف جمال قادری نے تلاوت قرآن پاک سے کیا اور کریم آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار اقدس میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے گئے محفل میں مریدین عقیدت مند اور عاشقان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی کثیر تعداد نے شرکت کی جبکہ خصوصی خطاب اسلامی اسکالر الحاج محمد اکمل مدنی (مدینہ شریف) والے نے کرتے ہوئے کہا کہ حضرت پیر حیات شاہ صاحب قادری کی دینی تعلیم کو سراہتے ہیں اور اولیا اللہ کی محافل اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب کا ذریعہ بنتی ہیں انہوں نے شان ابو طالب علیہ السلام اور ایمان ابو طالب علیہ السلام پر مفصل روشنی ڈالنے کے ساتھ ساتھ کہا کہ درود شریف کی محافل کا بھی اہتمام ہمیں اپنے گھروں میں کرنا چاہیے کیونکہ ان محافل پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے رحمت کی برسات ہوتی ہے علامہ مفتی شیخ الحدیث محمد اسد مدنی نے پیر حیات شاہ صاحب رحمتہ علیہ کی دینی خدمات اور روحانیت سے فیض یاب ہو کر ان کے شاگردوں کے بارے میں کہا کہ وہ علم کی شمع جلا کر ان کا نام روشن کر رہے ہیں۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشن صدر کا سرپرائز وزٹ کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد نے سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشن صدر کا سرپرائز وزٹ کیا۔ دوران وزٹ شہریوں کو جدید تقاضوں کے مطابق فراہم کردہ پولیس سروسز کے طریقہ کار کو چیک کیا۔ ڈی پی او نے پولیس اسٹیشن کی عمارت، حوالات، کوت، فرنٹ ڈیسک اور ریکارڈ کی چیکنگ کی۔ ڈی پی او نے پولیس اسٹیشن میں موجود لوگوں کے مسائل سنے اور پولیس سروسز کے حوالے سے فیڈ بیک لیا۔ اس موقع پر ڈی پی او عبداللہ احمد نے پولیس اسٹیشن عملہ کو ہدایت کی کہ جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر بناتے ہوئے پولیس سروسز کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ پولیس افسران عوام کی خدمت کو نصب العین بنا کر اپنے فرائض نیک نیتی اور محنت سے سر انجام دیں۔ ماڈل پولیس اسٹیشن میں شہریوں کو بروقت راہنمائی اور جدید سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ کمیونٹی پولیسنگ کی طرز پر شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جا

اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کی شہر کے مختلف مقامات پر صفائی انتظامات کی چیکنگ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کی شہر کے مختلف مقامات پر صفائی انتظامات کی چیکنگ، انہوں نے کنال روڈ اور اراضی ریکارڈ سینٹر سے ملحقہ گلیوں اور روڈ پر صفائی ستھرائی کی ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ لیا اور انہیں محنت سے صفائی ستھرائی کے امور سرانجام دینے کے لیے ہدایات بھی جاری کیں، اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان نے تارے شاہ قبرستان میں عملہ صفائی کو ملبے کے ڈھیروں کو فوری طور پر اٹھانے کے احکامات بھی دیے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان نے کہا کہ عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ساہیوال واٹر اینڈ سینی ٹیشن سروسز کمپنی صفائی ستھرائی اور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے لیے بہترین انداز میں کام کر رہی ہے۔



جرائم پیشہ افراد کو کیفر کردار تک پہنچانا میرا مشن ہے: ڈی پی او

ضلع بھر کے تھانوں کی حدود سے کرائم کے خاتمہ میں ہمیشہ سنجیدگی سے کام لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ جرائم پیشہ افراد کو کیفر کردار تک پہنچانا میرا مشن ہے ضلع بھر کے تھانوں کی حدود سے کرائم کے خاتمہ میں ہمیشہ سنجیدگی سے کام لیا اور اس وقت تھانوں کی حدود سے نہ صرف منشیات فروشوں کا خاتمہ کیا ہے بلکہ ڈکیتی، چوری اور راہزنی سمیت دیگر سنگین متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے کروڑوں روپے کا مال مسروقہ برآمد کرتے ہوئے اصل مالکان کے حوالے کیا ہے اور ملزمان کو بھی کیفر کردار تک پہنچایا گیا ہے گزشتہ روز" روزنامہ جناح" سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیوں کرتے ہوئے نائن سی کے مقدمات درج کروا کر انہیں جیل بھی روانہ کیا ہے منشیات کے عادی ملزموں کی بجائے بڑے مگرمچھوں پر ہاتھ ڈالنے کو ترجیح دیتا ہوں کیونکہ ان ناسوروں کی وجہ سے معصوم بچے نہ صرف بے راہ روی کا شکار ہوتے ہیں بلکہ یہی بچے منشیات وارداتوں میں بھی ملوث پائے جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ صحافی برادری معاشرہ کی آنکھ ہیں وہ جرائم کی نشاندہی کریں میں ان پر ایکشن لوں گا اگر کسی شہری کو پولیس سے منسلک کوئی شکایت یا مسئلہ ہو تو میں حاضر ہوں ہر ممکن طریقے سے مظلوم شہری کی داد رسی کرنے کے لیے پیچھے نہیں ہٹوں گا

فائرنگ اور ڈکیتی کی وارداتیں، نوجوان زخمی، لاکھوں کی نقدی لوٹ لی گئی

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) فائرنگ اور ڈکیتی کی وارداتیں، نوجوان زخمی، لاکھوں کی نقدی لوٹ لی گئی تفصیلات کے مطابق فضل کالونی میں نامعلوم ملزم کی فائرنگ سے نوجوان سید حماد زخمی ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق حملہ آور نے موبائل چھیننے کے دوران مزاحمت پر سینے میں گولی مار دی، جس پر نوجوان کو تشویش ناک حالت میں نشتر اسپتال منتقل کیا گیا۔ ادھر لکانوالہ روڈ پر واقع تاج اسٹیل فیکٹری میں تین مسلح ڈاکو گھس آئے اور لاکھوں روپے نقدی لوٹ کر فرار ہو گئے۔ پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

پٹرولنگ پولیس مرید کے نارووال روڈ کی غیر قانونی ایل پی جی گاڑیوں اور رکشوں کے خلاف کارروائیاں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پٹرولنگ پولیس مرید کے نارووال روڈ کی غیر قانونی ایل پی جی گاڑیوں اور رکشوں کے خلاف کارروائیاں ڈرائیورز کے خلاف مقدمات درج مرید کے نارووال روڈ پر چلنے والے خود ساختہ اوور لوڈ رکشے جو حادثات کا موجب ہیں اور ایل پی جی گیس سلنڈرز پر چلنے والی مسافر گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا پٹرولنگ پولیس انچارج ظفر اقبال نے سٹی پریس کلب میں گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ انسانی جان سب سے قیمتی ہوتی ہے مسافر گاڑیاں میں ایل پی جی گیس سلنڈرز غیر قانونی ہیں کسی کو اس کی اجازت نہیں ہے لوڈ رکشے خود ساختہ دیسی طریقے سے بنائے گئے ان پر اوور لوڈ کیا گیا سریا بلڈنگ میٹریل سمیت دیگر اشیاء خورد ونوش کی ترسیل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جو کہ انتہائی خطرناک ہے ان کے خلاف کریک ڈاؤن کیا گیا ہے۔

ناقص اشیاء اور غیر معیاری گھی سے تیار کر کے فروخت کیے جانے لگے

شہری مختلف موزی بیماریوں میں مبتلا، جہلم فوڈ اتھارٹی کے زمہ داران کی خاموشی سوالیہ نشان بن گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں آئس کریم، فروٹ چاٹ، دہی بھلے، سموسے، پکوڑے اور چپس فوڈ پوائنٹس پر ناقص اشیاء اور غیر معیاری گھی سے تیار کر کے فروخت کیے جانے لگے، شہری مختلف موزی بیماریوں میں مبتلا، جہلم فوڈ اتھارٹی کے زمہ داران کی خاموشی سوالیہ نشان بن گئی تفصیلات کے مطابق شہر کے مین وسط شاندار چوک ریلوے روڈ اولڈ جی ٹی روڈ سول لائن روڈ محمدی چوک قبرستان چوک روہتاس روڈ چوک کالا گجران بلال ٹاؤن سمیت گرد ونواح اور مضافاتی علاقوں میں مضر صحت آئس کریم فروٹ چاٹ اور غیر معیاری گھی سے تیار کردہ دہی بھلے سموسے پکوڑے اور چپس کی دھڑلے سے فروخت جاری ہے۔ جبکہ یہاں پر یہ بات قابل ذکر ہے کہ اتنا کچھ ہونے کے باوجود جہلم فوڈ اتھارٹی کے ذمہ داران نے مکمل

''قوت'' کلاسیفائیڈ



تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ جات	1

روک کر اجتماعی سزا دے رہا ہے، سیکریٹری جنرل اقوام متحدہ نے غزہ میں قحط اور بھوک کے بڑھتے خطرے پر اظہار تشویش کیا، غزہ پر مکمل قبضے کے اسرائیلی اعلان سے خطے کے امن کو شدید خطرہ لاحق ہے۔انہوں نے کہا کہ فلسطینیوں کو امداد کی فراہمی کیلئے عالمی اقدامات ضروری ہیں، اسرائیل کو سزا دلوانے کے لیے بھی عالمی اقدامات ضروری ہیں، پاکستان فلسطینیوں کی جبری بیدعلی، ناجائز آبادکاری اور قبضے کو مسترد کرتا ہے۔شفقت علی خان نے کہا کہ پاکستان آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کے حق کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا، فلسطینی ریاست کی بنیاد 1967ء سے قبل کی سرحدوں پر ہونی چاہیے، جس کا دارالحکومت القدس ہو۔

بقیہ جات	2

بندی کرانے کا کہا، بھات کو عسکری اور سفارتی شکست ہوئی، بھارت نے پھر کوئی مہم جوئی کی تو ماضی کی طرح کا جواب دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ہم نے کسی پر منشیات اور غداری کا مقدمہ نہیں بنایا، ہم انتقامی کارروائی نہیں کررہے، ہم انتقام در انتقام کی پالیسی پر بالکل کاربند نہیں۔انہوں نے کہا کہ بانی پی پی آئی کے مقدمات بڑے ٹھوس ہیں، اگر ان کو ریلیف ملتا ہے تو ملے، اس تھیوری کے خلاف ہوں جب کہا جاتا ہے کہ بانی پی پی آئی کے جیل میں رہنے سے سیاسی بحران ہے۔ن لیگی رہنمانے کہا کہ ایوان میں پی پی آئی کے ارکان بڑی تعداد میں موجود ہے، تحریک عدم اعتماد کوئی غیر آئینی بات نہیں، آج بھی تحریک عدم اعتماد آگرلائی جاتی ہے، تو ہم خندہ پیشانی سے اس کا مقابلہ کریں گے، ہم آئین وقانون کے مطابق آگے بڑھیں گے۔

بقیہ جات	3

دوران آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی اور دشمن کے عزائم خاک میں ملانے پر مبارکباد دی۔حکومت پاکستان کی جانب سے معرکہ حق، آپریشن بنیان مرصوص کی اعلیٰ حکمت عملی اور دلیرانہ قیادت کی بنیاد پر ملک کی سلامتی کو یقینی بنانے اور دشمن کو شکست فاش دینے پر جنرل سید عاصم منیر (نشان امتیاز ملٹری) کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی منظوری دے دی۔اعلامیہ کے مطابق حال ہی میں پاکستان تاریخ کے تھن مرحلے سے گزرا، 6 اور 7 مئی 2025 کی رات بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلا جواز جنگ مسلط کی، پاکستان کی سول آبادی میں معصوم شہریوں بشمول خواتین اور بچوں کو نشانہ بنایا گیا۔دشمن کی جانب سے پاکستان کی خود مختاری اور سرحدی سلامت کو پامال کرنے کی مذموم کوشش کی گئی، چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے مثالی جرأت اور عزم کے ساتھ پاک فوج کی قیادت کی اور مسلح افواج کی جنگی حکمتِ عملی اور کاوشوں کو بھرپور طریقے سے ہم آہنگ کیا۔اعلامیہ کے مطابق آرمی چیف کی بے مثال قیادت کی بدولت پاکستان کو معرکہ حق میں تاریخی کامیابی حاصل ہوئی، ان کی شاندار عسکری قیادت، جرأت اور بہادری، پاکستان کی خود مختاری اور علاقائی سلامت کو یقینی بنانے اور دشمن کے مقابلے میں دلیرانہ دفاع کے اعتراف میں جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی وزیرِ اعظم کی تجویز کا بینہ نے منظور کرلی۔وزیرِ اعظم نے صدرِ مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کرکے انہیں اس فیصلے کے حوالے سے اعتماد میں لیا۔

بقیہ جات	4

کہ سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی سمیت دیگر جارحانہ بھارتی اقدامات اشتعال انگیز، بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔انہوں نے سفیروں کو آگاہ کیا کہ بھارت کی طرف سے جارحیت کی کھلم کھلا کارروائی پر پاکستان کا ردعمل عالمی چارٹر کے تحت اپنے دفاع کے حق کے استعمال میں متناسب اقدام تھا۔عاصم افتخار احمد نے عرب سفیروں کو آگاہ کیا کہ جنگ بندی کو برقرار رکھنے اور کشیدگی میں کمی کیلئے تمام ضروری اقدامات کرنے کیلئے پاکستان کے عزم کا اظہار کیا۔پاکستانی مندوب کا کہنا تھا کہ جموں وکشمیر تنازع کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور علاقائی سلامت کی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ جات	5

ڈائریکٹوریٹ برگیڈیئر (ر) بابر علاؤ الدین نے گلاب دیوی چیسٹ ہسپتال کا دورہ کیا۔ٹی بی کے علاج کے سیکشن میں فراہم کی جانے والی قابل ستائش خدمات اور فرنٹ لائن ہیلتھ ورکرز کے عزم کو سراہتے ہوئے بریگیڈیئر بابر نے ان شعبوں کو بھی نوٹ کیا جن میں فوری بہتری کی ضرورت ہے، خاص طور پر صفائی، طبی آلات کی دیکھ بھال اور ڈیجیٹل ریکارڈ کے انتظام کی۔انہوں نے ہسپتال کے میل و فی میل ایمرجنسی وارڈز، فارمیسی سمیت جملہ شعبہ جات کا تفصیلی معائنہ کیا، مریضوں کی عیادت کی، ہسپتال میں موجود مریضوں اور ان کے لواحقین کے مسائل سنے، سرکاری ادویات، طبی سہولیات کی فراہمی اور ڈاکٹرز و پیرا میڈیکل سٹاف کے رویہ سے متعلق دریافت کیا۔اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ہارون حامد، میجر نوید اسلم (ر)، اسٹاف آفیسر عبدالجبار بھٹی اور ہسپتال انتظامیہ کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔چیئرپرسن نے ایم ایس کو ہدایت کی کہ دکھی انسانیت کی خدمت کو اپنا شعار بنائیں اور حکومتی ویژن کے مطابق ہسپتال میں آنے والے ہر مریض کو علاج معالجہ کی تمام بنیادی سہولیات مفت فراہم کی جا رہی ہیں۔وارڈز میں مریضوں سے ادویات کی فراہمی کے حوالے سے دریافت کیا۔نرسری وارڈ میں بچوں کے علاج معالجہ کے حوالے سے ڈاکٹرز سے بریفنگ لی۔میڈیکل ایمرجنسی میں مریضوں سے سہولیات بارے دریافت کیا اور ایمرجنسی روم کا دورہ بھی کیا۔سرجیکل وارڈ، ٹراما سینٹر، سٹی سکین، پیڈز وارڈ اور میڈیکل وارڈز میں سہولیات کا جائزہ لیا۔ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت شہریوں کو صحت کی بہتر سہولیات مہیا کی جارہی ہیں۔مریضوں کو ادویات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جارہا ہے۔

بقیہ جات	6

ہیں۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے چینی میڈیا گروپ کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کیلئے سب سے اہم چیز اس کی طاقت ہے، جب ہمارا عزم مضبوط ہوگا جو ہم نے دکھایا بھی تو بین الاقوامی کمیونٹی بھی اپنا کردار ادا کرتی ہے۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دنیا کے جتنے بھی ممالک ہیں سب کو اس وقت بڑے چیلنجز کا سامنا ہے، دنیا کو موسمیاتی تبدیلی اور بڑھتی آبادی کے مسائل ہیں، بہت سارے مسائل سے دنیا نبرد آزما ہے، جو بڑے ممالک ہیں ان کا وژن بھی بڑا ہے، لوگ انسانیت کی ترقی کی جانب دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کیا ایسے میں ایک ملک دوسرے ملک پر بلا جواز، جھوٹے بیانیے اور بغیر ثبوت کے چڑھ دوڑے! پڑوسی ممالک کے اوپر اپنی اجارہ داری مسلط کرنے کی کوشش کرے! لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ پاکستان کی قوم نہ تو پہلے جھکی تھی اور نہ ہم اب جھکیں گے، پہلے بھی کہتا رہا ہوں اور اب بھی کہتا ہوں کہ ہماری شہادت کی آرزو زندگی سے زیادہ ہے، چاہے کسی نے نیلی، سفید یا خاکی وردی پہن رکھی ہے شہادت ہمارے لئے اعزاز ہے۔

بقیہ جات	7

ملنے والی پذیرائی کو زراعت کے شعبے میں پاکستان کی تاریخی کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کامیابی وزارت کے اُس وژن کی عکاس ہے جس کا مقصد پاکستان کو زرعی اور غذائی پیداوار میں خود کفیل بنانا ہے۔یہ بیان انہوں نے لورالائی اویوز کے اس کارنامے پر دیا جس نے نیویارک انٹرنیشنل اولیو آئل کمپٹیشن 2025 میں سلور ایوارڈ حاصل کیا جو کہ دنیا کا سب سے بڑا اور معتبر زیتون کے تیل کا مقابلہ ہے۔دنیا بھر سے 1200 سے زائد برانڈز کی شرکت کے باوجود، بلوچستان کے ضلع لورالائی سے تعلق رکھنے والے اس برانڈ نے اپنی معیاری پیداوار، پائیدار طریقہ کار اور عمدہ پیکنگ کی بدولت عالمی سطح پر پاکستان کا نام روشن کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ عالمی پذیرائی ہر پاکستانی کے لیے فخر کا لمحہ ہے اور وزارت کی دیرینہ کوششوں کا ثمر ہے۔لورالائی کی کامیابی، پاکستان کی کامیابی ہے۔وفاقی وزیر نے بتایا کہ 2012 سے وزارت کی جانب سے شروع کیے گئے زیتون منصوبے کے تحت ملک بھر میں اولیو ویلیو چین قائم کی گئی، جس کے ذریعے کسانوں کو معیاری پودے، جدید ایکسٹینشن یونٹس، اسٹوریج، بوتل بندی کی سہولیات اور تربیتی پروگرامز فراہم کیے گئے تاکہ وہ عالمی معیار کے مطابق پیداوار دے سکیں۔لورالائی اولیوز (LO) اس وژن کی ایک کامیاب مثال ہے۔ اس برانڈ نے بلوچستان کے مقامی کاشتکاروں کے ساتھ مل کر ایوان میں پی ٹی آئی کے ارکان بڑی تعداد میں موجود ہے، تحریک عدم اعتماد کوئی غیر آئینی بات نہیں، آج بھی تحریک عدم اعتماد آگرلائی جاتی ہے، تو ہم خندہ پیشانی سے اس کا مقابلہ کریں گے، ہم آئین وقانون کے مطابق آگے بڑھیں گے۔

بقیہ جات	8

پر اتفاق کیا، اس کے علاوہ سیاسی جماعتوں اور چینی کمیونسٹ پارٹی کے مابین روابط بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔اس موقع پر اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنی دوستی کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے جبکہ چینی وزیر لیو جیان چاؤنے کہا کہ چین پاکستان کی خود مختاری اور علاقائی سلامت کی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ جات	9

جانب سے سبکدوش ہونے والی سیاسی مشیر زوئی ویئر کے اعزاز میں ظہرانہ بھی دیا گیا۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سبکدوش ہونے والی برطانوی ہائی کمیشن کی سیاسی مشیر زوئی ویئر کو شاندار خراج تحسین کرتے ہوئے ان کی سفارتی خدمات کو سراہا۔وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تعلیم، تجارت، سرمایہ کاری، موسمیاتی تحفظ اور گورننس کے شعبوں میں باہمی اشتراک کار مزید بڑھانے کی پیشکش کی۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ سیاسی مشیر زوئی ویئر نے اپنے منصب پر دیانت، محنت اور شراکت داری کے جذبے کے ساتھ فرائض انجام دیئے، ان کا ارتھ شاٹ پرائز جیسے عالمی ماحولیاتی منصوبے میں کردار قابلِ تحسین ہے، سیاسی مشیر زوئی ویئر پنجاب میں ہمیشہ دوستوں کی طرح یاد رکھی جائیں گی۔مریم نواز شریف نے کہا کہ چین میرے دل کے بطور ہائی کمشنر خدمات کو حکومتِ پنجاب انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، چین میرے دل کے بطور سفارتی تجربہ پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات کو ایک نئی بلندی پر لے جانے کی نوید ہے۔پنجاب برطانیہ کے ساتھ اشتراک کار کو مزید وسعت دینے اور تعاون کے فروغ کے نئے مواقع تلاش کرنے کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ 17 لاکھ پر مشتمل برٹش، پاکستانی برادری کی بڑی تعداد کا تعلق پنجاب سے ہونا باہمی پائیدار رشتے کی عملی مثال ہے۔

بقیہ جات	10

کے دوران کہی۔فیصل واوڈا کے بارے میں انہوں نے کہا کہ کوئی بھی انہیں سنجیدگی سے نہیں لیتا، جبکہ نجم سیٹھی کی "چڑیا" اب عمر رسیدہ ہو چکی ہے اور اس کا ذہنی توازن بھی بگڑ چکا ہے۔پنجاب حکومت کے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ حکومت نے پہلی بار اپنے ایم پی ایز کی رہائشی یا کاروباری جگہوں پر قائم تجاوزات کا خاتمہ کیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ مریم نواز کا آسان کاروبار منصوبہ ایک گیم چینجر ہے، جس کے تحت 57 ہزار نئے کاروباروں نے ترقی کا نیا دروازہ کھولا ہے۔ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ تمام بڑے بازاروں میں گاڑیوں کا داخلہ بند کر دیا گیا ہے اور ہر بازار کے باہر الیکٹرک کارٹس کی سہولت فراہم کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں پنجاب عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں سب سے آگے ہے۔ پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی کاروباری اسکیم ''آسان کاروبار اسکیم'' وزیراعلیٰ مریم نواز کا انقلابی اقدام ہے، جو عوام کو معاشی خودمختاری کی جانب لے جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس اسکیم کے تحت صرف تین ماہ میں ایک لاکھ سات ہزار سے زائد افراد کو اکسٹھ ارب روپے کے بلا سود قرضے فراہم کیے گئے۔ان قرضوں سے ستاون ہزار نو سو تیرہ نئے کاروبار شروع ہو چکے ہیں، جن میں چھ ہزار سات سو تر پن خواتین بھی شامل ہیں، جنہوں نے تین ارب روپے سے زائد رقم بطور قرض حاصل کی۔

بقیہ جات	11

کی خلاف ورزی ہے، الیکشن ایکٹ کے تحت بیک وقت 2 سیاسی جماعتوں کی رکنیت نہیں رکھی جاسکتی۔درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ بلاول بھٹو الیکشن ایکٹ کے تحت رکن قومی اسمبلی نہیں رہ سکتے، اسپیکر قومی اسمبلی سے استدعا ہے کہ وہ بلاول بھٹو کی نااہلی کیلئے ریفرنس بھیجنے کی ہدایت کریں۔ لاہور ہائیکورٹ میں درخواست شہری اشبا کا مران نے دائر کی ہے، درخواست میں وزارت قانون، الیکشن کمیشن اور بلاول بھٹو کو فریق بنایا گیا۔

بقیہ جات	12

کی شادی کے خلاف بل کی حمایت پر پاکستان پیپلز پارٹی، دیگر سیاسی جماعتوں، اپوزیشن اور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ بل کی منظوری بچیوں کے محفوظ مستقبل کی طرف ایک اہم قدم ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمٰن نے کہا کہ کم عمری کی شادی کے خلاف بل کی مسلسل حمایت پر صدر مملکت آصف علی زرداری، چیئرمین بلاول بھٹو، اور فریال تالپور کی شکر گزار ہوں، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ خواتین اور بچوں کے بنیادی حقوق کی ترجمانی کی ہے۔سابق وزیر نے کہا کہ بل کی منظوری بچیوں کے محفوظ مستقبل کی طرف ایک اہم قدم ہے، قائداعظم نے 1929 میں کم عمری کی شادی کے خلاف آواز بلند کی۔انہوں نے کہا کہ کم عمری کے خلاف بل منظور ہونے سے پاکستان نے قائداعظم اور بھٹو کا خواب پورا کیا۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ سندھ میں قانون پہلے سے موجود ہے، اب وفاقی دارالحکومت میں بھی نافذ ہو گیا، پنجاب، کے پی اور بلوچستان شادی کی عمر 18 سال کرنے پر غور کریں۔انہوں نے کہا کہ یہ بل انسانیت، انصاف اور آئندہ نسلوں کے تحفظ کی علامت ہے، کم عمری کی شادی بچیوں کی زندگی چھین لیتی ہے، اب وقت ہے کہ قانون

ادارہ صحت کے ڈائریکٹر جنرل نے غزہ میں قحط کے خطرے سے خبردار کرتے ہوئے کہا کہ 20 لاکھ افراد بھوک سے مر رہے ہیں۔

بقیہ جات	13

غیر مصدقہ پوسٹ سوشل میڈیا پر شیئر کرنے کے مقدمے میں پاکستان تحریک انصاف کی رہنما صنم جاوید کی ضمانت کی درخواست مسترد کر دی۔ایڈیشنل سیشن جج سلمان گھمن نے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ سنایا۔ ایف آئی اے نے صنم جاوید کے خلاف مقدمہ درج کر رکھا ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ انہوں نے ریاستی اداروں کے خلاف ایک غیر مصدقہ پوسٹ کو سوشل میڈیا پر شیئر کیا، جس سے اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچا۔عدالت میں ایف آئی اے کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ملزمہ کی جانب سے سوشل میڈیا پر کی جانے والی پوسٹ سے ریاستی اداروں کے خلاف نفرت انگیزی کو فروغ ملا، لہذا انہیں ضمانت نہ دی جائے۔دوسری جانب صنم جاوید کے وکلاء نے موقف اختیار کیا کہ مقدمہ بدنیتی پر مبنی ہے اور ان کی مکلہ نے کوئی قابل اعتراض مواد خود سے نہیں بنایا بلکہ صرف ایک موجودہ پوسٹ کو شیئر کیا۔تاہم عدالت نے دونوں جانب سے دلائل سننے کے بعد صنم جاوید کی ضمانت کی درخواست خارج کر دی۔

بقیہ جات	14

ہیں اور وزیراعظم شہباز شریف کو بھی کہتے ہیں ڈٹ کر کھڑے رہیں۔جی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے نثار جٹ نے کہا کہ اسد قیصر نے اپسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے خلاف عدم اعتماد کی بات پرانی میٹنگ کے حوالے سے کہی۔انہوں نے کہا کہ عدم اعتماد کی بات ہماری پارلیمانی کمیٹی کی طرف سے آئی نہ بانی پی ٹی آئی کی طرف سے آئی۔

بقیہ جات	15

12 جون تک توسیع کر دی۔ بشریٰ بی بی کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر 29 مقدمات کی سماعت ہوئی۔ بشریٰ بی بی کے خلاف راولپنڈی، ٹیکسلا اور اٹک میں مقدمات درج ہیں۔واضح رہے کہ بشریٰ بی بی اڈیالہ جیل میں 190 ملین پاؤنڈ کیس میں 7 سال قید کی سزا کاٹ رہی ہیں۔

بقیہ جات	16

کا جشن منا رہا ہے، جو آرمی چیف کی بدولت نصیب ہوئی، بریفنگ کس چیز پر ہوگی؟ ایف سولہ اڑانا ہے کوئی بندوق چلانی ہے، کوئی پریڈ کرانی ہے یہ پرچیگنڈا ہے، سب نے مل کر بھارت کے خلاف انڈورس کیا ہے۔سینئر سیاستدان کا کہنا تھا کہ اس میں عوام اور تمام سیاسی جماعتوں کو کریڈٹ جاتا ہے، کیوں کہ مذاکرات خوش آئند ہے، بیرسٹر گوہر اور عمر ایوب مذاکرات کی بات کر رہے ہیں، سیاست میں مذاکرات ہی راستہ ہے، مذاکرات ضروری ہونے چاہئیں، یہ کہنا کہ وہ 6 کو چھوٹ رہے ہیں۔فیصل واوڈا نے کہا کہ ہم بھی یہی ہیں وہ بھی یہی ہیں، مجھے تو کوئی ایسی صورتحال نظر نہیں آرہی، ابھی یہ پروپیگنڈا مہم ہے اور ایک فلاپ شو ہے، ابھی یہ اسٹیبلشمنٹ ڈیسوکریسی نہیں، ملک میں اگر ایک آدمی ہر فرنٹ میں کامیاب ہے اور ہم نے آزما کر دیکھ لیا ہے تو اسے کریڈٹ ضرور دینا چاہیے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ صحافی نے سوال کیا کہ اسپیکر کے خلاف عدم اعتماد کی باتیں چل رہی ہیں؟ ابھی ہم سب پاکستانی بنیں گے، ابھی سب مضبوط ہیں، ابھی تو سب نے ڈی پی لگا لی ہے پاکستان زندہ باد کی، ہم تو دو سال سے کہہ رہے تھے آپ کو پہلے مان جانا چاہیے تھا۔

بقیہ جات	17

نے ایک درخواست کی سماعت کے بعد 7 صفحات پر مشتمل اضافی نوٹ میں کہا کہ اگر فیصلے میں غلطی اتنی نمایاں اور اہم ہو کہ اسے فیصلہ دینے سے پہلے دیکھا جاتا تو نتیجہ مختلف ہوتا تو ایسی صورت میں ہی نظر ثانی کی درخواست دائر کی جاسکتی ہے۔آئین سپریم کورٹ کے اپنے سابقہ فیصلوں کا جائزہ لینے پر کوئی پابندی نہیں لگاتا بشرطیکہ شہریوں کے بنیادی حقوق یا عوامی مفاد کے پیش نظر نظر ثانی درخواست ضروری ہو، عدالت بغیر کسی رسمی درخواست کے اپنے فیصلے کا از خود جائزہ لینے کی مجاز ہے۔یہ اختیار فریقین کے لیے مقدمہ دوبارہ کھولنے کا ذریعہ نہیں ہے بلکہ واضح اور نتیجہ خیز غلطیوں کو درست کرنے کے لیے ہے۔قبل ازیں جسٹس سید منصور علی شاہ کی سربراہی میں تین ججوں کے بینچ نے نظر ثانی درخواست مسترد کرتے ہوئے غیر ضروری درخواستوں کی حوصلہ شکنی کی ضرورت پر زور دیا تھا۔

بقیہ جات	18

کہ غزہ میں انسانی صورتحال ناقابل قبول ہے۔ اس لیے غزہ میں جاری اسرائیلی نا کہ بندی ختم کی جائے اور فلسطینیوں تک امدادی سامان کی رسائی ممکن بنائی جائے۔عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے اس امر کا اظہار لندن کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کیا ہے۔سربراہ یورپی یونین نے کہا کہ گزشتہ دو ماہ سے غزہ میں امدادی سامان داخل نہیں ہوا ہے۔ غزہ کے فلسطینیوں تک امدادی سامان پہنچانا نہایت ضروری ہے۔اس کے لیے اسرائیلی نا کہ بندی کو اب ختم کیا جانا چاہیے۔

بقیہ جات	19

کانفرنس میں شرکت کریں گی جو فورچون میگزین کی جانب سے انتہائی اہم اور مضبوط کانفرنس سمجھی جاتی ہے۔عرب ٹی وی کے مطابق جاپان کی گورنر یوریکو کویکے سعودی عرب میں 23 مئی تک ہوں گی اور کانفرنس کے بڑے مگر اختتامی سیشن میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گی۔وہ پبلک عہدوں پر خواتین کے قائدانہ کردار کے عنوان سے ایک پینل گفتگو میں بھی شریک ہوں گی۔اس سال کانفرنس کا موضوع "کاروبار کے لیے نیا دور: عالمی خوشحالی کے لیے شراکتیے۔کویکے پبلک سیکٹر میں خواتین کے رہنما کردار پر بحث میں حصہ لیں گی۔

بقیہ جات	20

جعفر ایکسپریس واقعے کی ویڈیو شئر کرکے بھارتی چینلز کی جانب سے دہشتگردوں کی پشت پناہی جاری ہے۔ذرائع کے مطابق بھارتی ٹی وی چینل میں بی ایل اے کی ویڈیو دکھا کر دہشتگردانہ کارروائیوں کو نہ صرف سپورٹ کیا جارہا ہے بلکہ دہشت گردی کو کھلے عام دکھایا جارہا ہے۔بھارت نے ہار تسلیم کرنے کے بجائے دہشتگردی کو سہارا بنا لیا اور پاکستان کے خلاف نفرت پھیلانے کی نئی چال چل رہا ہے۔دفاعی ماہرین کا کہنا ہے کہ جعفر ایکسپریس حملے کی تشہیر سے بھارت کا دہشتگردوں سے گٹھ جوڑ بے نقاب ہوگیا ہے، بھارتی چینلز پر بی ایل اے کی پرانی ویڈیو نشر کرکے دہشتگردی کی سرِ عام پشت پناہی کی جارہی ہے۔دفاعی ماہرین کا کہنا تھا کہ نام نہاد بی ایل اے، بھارت کا تیار کردہ فتنے کا بیج ہے جو پاکستان کے امن کو جڑ سے اکھاڑنا چاہتا ہے۔بی ایل اے، بھارت کا پراکسی نیٹ ورک، معصوم پاکستانیوں کا قاتل اور مودی کا آلہ کار ہے۔

بقیہ جات	21

کے داخلے کی اجازت کو سمندر میں ایک قطرہ قرار دیا ہے۔عرب ٹی وی کے مطابق اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے انسانی امور کے نائب سیکرٹری ٹوم فلیچر نے گزشتہ روز بیان میں کہا کہ اسرائیل نے کرم ابوسالم کراسنگ کے ذریعے 9 امدادی ٹرکوں کو غزہ میں داخل ہونے کی اجازت دی ہے جو غزہ میں 11 ہفتوں سے جاری مکمل محاصرے کے بعد پہلا موقع ہے لیکن یہ اس مقدار کی نسبت سمندر میں ایک قطرہ ہے جس کی فوری طور پر ضرورت ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ لوٹ مار کو کم کرنے کے لئے امداد کی ایک باقاعدہ ترسیل ہونی چاہیے اور انسانی ہمدردی کے کارکنوں کو متعدد راستوں کے استعمال کی اجازت دی جانی چاہیے۔انسانی ردعمل کو تجارتی سامان کے ذریعے مکمل کیا جانا چاہیے۔اسی تناظر میں فرانس، جرمنی، برطانیہ، کینیڈا، جاپان اور آسٹریلیا سمیت 22 ممالک کے وزرائے خارجہ نے پیر کو اسرائیل سے مطالبہ کیا تھا کہ وہ اقوام متحدہ اور غیر سرکاری تنظیموں کی نگرانی میں غزہ میں مکمل اور فوری طور پر امداد کی دوبارہ اجازت دے۔جرمن وزارت خارجہ کی جانب سے جاری مشترکہ بیان میں کہا گیا تھا کہ اقوام متحدہ اور انسانی تنظیمیں غزہ میں امداد کے فراہمی کے لئے اسرائیل کی جانب سے اپنائے گئے نئے طریقہ کار کی حمایت نہیں کرسکتیں۔ اقوام متحدہ کی ایجنسیوں نے غزہ میں خوراک، صاف پانی، ایندھن اور ادویات کی شدید قلت سے خبردار کیا ہے۔ عالمی

چار ماہ میں فیصلے کا حکم دیا تھا، لیکن عدالتی حکم کی وجہ سے ٹرائل کورٹ میں یہ کیس ایک عذاب بن چکا ہے۔جس پر جسٹس ہاشم کاکڑ نے فواد چوہدری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہم آپ کو اس عذاب سے نجات دلا رہے ہیں۔سپریم کورٹ کے اس فیصلے کے بعد اب لاہور ہائیکورٹ دوبارہ فواد چوہدری کی درخواست پر مکمل وجوہات کے ساتھ سماعت کرے گی اور فیصلہ سنائے گی۔

بقیہ جات	22

شہید ہونے والے افراد کے اہل خانہ اور زخمیوں کے لئے امدادی فنڈز جاری کر دیئے۔وزیراعظم پاکستان نے امدادی پیکیج کی منظوری دی تھی، حکومت پنجاب نے 14 اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو فنڈز جاری کر دیئے۔فنڈز کو شہدا، شدید زخمی اور معمولی زخمی کی کیٹیگری میں تقسیم کیا گیا ہے، بھارتی حملے میں شہید شہریوں کے اہل خانہ کو ایک کروڑ روپے کی امداد دی جائے گی۔ بھارتی حملے سے شدید زخمی ہونے والے شہریوں کو 20 لاکھ جبکہ معمولی زخمی افراد کو 10 لاکھ روپے امداد ملے گی۔قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب، اٹک، مری، بہاولپور، بہاولنگر، فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، گجرات، سیالکوٹ، خانیوال، اوکاڑہ اور راولپنڈی کے ڈپٹی کمشنر امدادی رقوم کی تقسیم کی تفصیلی رپورٹ محکمہ داخلہ کو بھجوائیں گے۔

بقیہ جات	23

۔سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر نے قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی، رینجرز کی طرف سے بھی پھولوں کی چادر چڑھائی گئی۔نماز جنازہ میں سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر، ڈی جی او نارووال ریسکیو، ریسکیو ہیڈکوارٹرز واکیڈمی کے افسران نارووال کے ریسکیورز سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔نماز جنازہ کے موقع پر علاقہ کی فضا سوگوار اور افسردہ رہی جبکہ ہر آنکھ اشک بار تھی سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر نے شہید کے بلند درجات کے لیے دعا کی اور ان کی پیشہ وارانہ خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا انہوں نے کہا کہ محمد نعیم اختر پنجاب ایمرجنسی سروس ریسکیو 1122 کا قیمتی سرمایہ تھے، ان کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ڈسٹرکٹ آفیسر نارووال نعیم اختر کے دوران ڈیوٹی جاں بحق ہونے پر اظہار ہمدردی کیا ہے اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے شہید نعیم احمد کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔صوبائی وزیر ایمرجنسی سروسز خواجہ سلمان رفیق نے بھی اپنے تعزیتی پیغام میں محمد نعیم اختر شہید کے لیے دعا کی اور سوگواران سے اظہار ہمدردی کیا انہوں نے کہا کہ ہم اپنے شہدا کی فیملیز کو کبھی تنہا نہیں چھوڑتے۔ضلعی ایمرجنسی آفیسر نارووال محمد نعیم اختر نے دوران ایمرجنسی کال کی موڑ نارووال میں فرائض منصبی انجام دیتے ہوئے جان جانِ آفریں کے سپرد کی۔

بقیہ جات	24

میں کہا گیا کہ یہ کارروائیاں بین الاقوامی برادری کی منشا کے منافی، انسانی حقوق کے قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی ہیں اور خطے میں امن واستحکام کے حصول کی کوششوں میں رکاوٹ ہیں۔وزارت خارجہ نے سعودی عرب کی جانب سے اسرائیلی فورسز کی جانب سے کی جانے والی تمام زمینی کارروائیوں کی شدید مذمت کا اعادہ کیا۔بیان میں خبردار کیا گیا کہ اس طرح کے اقدامات سے فلسطینی شہریوں کی زندگیوں کو خطرہ لاحق ہے۔بیان میں صریح اور بلا جواز خلاف ورزیوں کے تسلسل سے بھی خبردار کیا اور زور دیا کہ یہ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی اور فلسطینی عوام کے حقوق پر براہ راست حملہ ہے۔یاد رہے کہ اسرائیل نے غزہ میں اپنی فوجی کارروائی کو توسیع دی ہے۔ جمعرات سے اب تک سینکڑوں شہریوں کی ہلاکت ہوچکی ہے۔

بقیہ جات	25

باہر رکھا جائے۔عرب ٹی وی کے مطابق انہوں نے اس امر کا اظہار غزہ میں جاری اسرائیلی جنگ کے تناظر میں کیا ہے۔وزیراعظم نے فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا فلسطینی غزہ میں اسرائیل کی بمباری کا سامنا کر رہے ہیں۔خیال رہے یوکرین کے ساتھ 2022 سے جاری روسی جنگ کی وجہ سے روس یورو ویژن مقابلوں سے باہر ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل کو غزہ میں جنگ جاری رکھنے کی وجہ سے یورو ویژن میں شامل نہیں ہونا چاہیے۔ کیونکہ ہم ثقافت میں دوہرے معیار کی اجازت نہیں دے سکتے ہیں۔

بقیہ جات	26

کا کہنا تھا کہ میڈیکل رپورٹ میں ثابت ہوگیا ہے کہ قتل ہ

میڈیا پالیسٹ فارم کو گھر گھر تک اپنی بات پہنچانے کا موثر اور طاقتور ذریعہ بنائیں گے، ضیاء الدین انصاری

شہریوں کے مسائل کو اجاگر اور حل کرنے کیلئے میڈیا کا موثر استعمال کیا جائے، موجودہ دور میں میڈیا کا ثبت استعمال قوموں کے عروج اور ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔

موجودہ دور میں میڈیا قوموں کے عروج اور ترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، معاشرتی اصلاح کے لیے اس میڈیا سے بہت سا کام لیا جاسکتا ہے، اجلاس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی لاہور کے الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا کے عہدیداران کا اجلاس سابقہ رودِ دفتر جماعت میں امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں صدر شعبہ میڈیا و ڈیجیٹل عبدالعزیز عابد نے امیر لاہور جماعت اسلامی لاہور کو میڈیا کی سرگرمیوں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں کونٹر بیلنگ ایڈیٹوریل ڈیسک میڈیا ڈیجیٹل شریف، میڈیا کوآرڈینیٹر اطلاع آپریشن اور چوہدری محمد آصف رمضان بھٹہ و دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



لاہور: جماعت اسلامی لاہور کے میڈیا عہدیداران کے اجلاس میں امیر لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کو تنظیم شعبہ عبدالعزیز عابد بریفنگ دے رہے ہیں

مسئلہ کشمیر قراردادوں سے حل کیا جائے، جسٹس طاہر

پاک فوج نے بھارت کی سابقہ جماقتوں کا منہ توڑ جواب دے کر دشمن کو بتا دیا وہ کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے

پانی ہماری ریڈ لائن ہے پانی کے بغیر موت ہے، دشمن کی بھول میں نہ رہے، لالچوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے، رہنما مسلم لیگ (ن)

نگہت صاحب (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی نائب صدر، سابق گورنر اور وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان جسٹس (ر) سید طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ مودی کو اپنی جارحیت پر بھی شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا، بھارت نے پاکستان کا پانی روکنے کی کو

ظاہر نے محاذوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی وزیر اعظم زیرہ مودی ایک ناکام اعتبار شخصیت ہیں، جن کی پالیسیوں نے معرف خطے کا امن خطرے میں ڈالا بلکہ عالمی سطح پر بھارت کو تنہا کر دیا ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان آرمی نے بھارت کی سابقہ جماقتوں کا منہ توڑ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

مودی کو اپنی جارحیت پر بھی شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا، ارمان اور لیس چٹھہ

پاکستان کی زراعت کو تباہ کرنے کی مودی کی مذموم خواہش کبھی پوری نہیں ہوگی، میڈیا سے گفتگو

نگہت صاحب (این این آئی) بھٹہ ورکس پارٹی کے رہنما چوہدری ارمان اور لیس چٹھہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ مودی کو اپنی جارحیت پر بھی شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا، بھارت نے پاکستان کا پانی روکنے کی کو

کشمیر کی آزادی کی جدوجہد کے عظیم قائد سید علی گیلانی کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، جسٹس (ر) سید طاہر بزنجو

نگہت صاحب (این این آئی) جسٹس (ر) سید طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ کشمیر کی آزادی کی جدوجہد کے عظیم قائد سید علی گیلانی کی خدمات ناقابل فراموش ہیں،